کوئٹہ بلوچستان اور راولاکوٹ آزادکشمیر سے بیک وقت شائع ہونیوالا پہلا قومی اخبار

Daily FARZAND-E-KASHMIR Quetta
ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ فرزندِ کشمیر

کوئٹہ
راولاکوٹ

بانی: محمد شوکت

Web:- www.farzand-e-kashmir.pk

جلد 21 | ہفتہ | 11 جولائی 2026ء | 25 محرم الحرام 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 425

سرفراز بگٹی

امن اور استحکام کیلئے ریاستی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑا ہونا ہوگا

دشمن ایک طرف قتل و غارت، بدامنی اور معصوم شہریوں کے قتل میں ملوث ہے تو دوسری طرف انہی جرائم کا الزام ریاست اور ریاستی اداروں پر تھوپنے کے گمراہ کن پروپیگنڈے میں بھی مصروف ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

ایک سازش دہشت گردی، تشدد اور قتل و غارت کے ذریعے ملک کو غیر مستحکم کرنا ہے جبکہ دوسری سازش انہی جرائم کا الزام ریاستی اداروں پر عائد کرکے عوام کو گمراہ کرنا ہے، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ دشمن ایک طرف قتل و غارت، بدامنی اور معصوم شہریوں کے قتل میں ملوث ہے تو دوسری طرف انہی جرائم کا الزام ریاست اور ریاستی اداروں پر تھوپنے کے گمراہ کن پروپیگنڈے میں بھی مصروف ہے۔ بلوچستان کے محبِ وطن عوام کو دشمن کے اس مذموم بیانیے کا حصہ بننے کے بجائے قومی یکجہتی، امن اور استحکام کے لیے ریاستی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑا ہونا ہوگا انہوں نے یہ بات بی اے مال کے قریب جاری دھرنے کے شرکاء اور شہداء کے لواحقین سے ملاقات اور تفصیلی گفتگو کے دوران کہی۔ اس موقع پر صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، سینیٹر منظور احمد کاکڑ، کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہ زیب کاکڑ اور دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے وزیراعلیٰ نے کہا کہ وہ پہلے دن سے (بقیہ 2 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد؛ وزیراعظم شہباز شریف سے اقوام متحدہ میں سیکرٹری جنرل کی امیدوار روبیکا گرائنسپان ملاقات کررہی ہیں

کوئٹہ، ہنہ اوڑک میں دہشتگردی، 11 مغوی بازیاب، وزیراعلیٰ بلوچستان سے مذاکرات کے بعد ایئرپورٹ روڈ پر دھرنا ختم

مالگی ڈیم حملے کے 7 شہداء کے لواحقین کا متین کیماتھ کوئٹہ میں کوئلہ پھاٹک کے مقام پر دھرنا، ملوث عناصر کو کیفر کردار تک پہنچانے کا مطالبہ

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے نواحی علاقے ہنہ اوڑک میں دہشت گردی کے خلاف ایئرپورٹ روڈ پر دھرنا وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کے شرکا سے مذاکرات کے بعد ختم کردیا گیا۔ یہ دھرنا 5 جولائی کو ہنہ اوڑک کے علاقے کلی بیری میں دہشت گردی کے واقعے کے خلاف دیا جا رہا تھا، اس واقعے میں مسلح افراد کی فائرنگ سے 5 مقامی افراد جاں بحق اور 9 (بقیہ 16 صفحہ 3 پر)

وفاقی حکومت گلگت بلتستان میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے

شہباز شریف

نوجوانوں کو تعلیم، جدید فنی تربیت اور روزگار کی فراہمی اہم ترجیح ہے

نوجوانوں کو معیاری تعلیم، جدید فنی تربیت اور باعزت روزگار کی فراہمی حکومت کی اہم ترجیح ہے، وزیراعظم

گلگت بلتستان میں چار دانش سکول تعمیر کے آخری مراحل میں ہیں، اگلے سال سے ان میں کلاسز شروع ہو جائیں گی، گلگت بلتستان کے قدرتی وسائل، سیاحتی مقامات اور معدنی ذخائر کو بروئے کار لا کر مقامی معیشت کو مزید مضبوط بنایا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ نوجوانوں کو معیاری تعلیم، جدید فنی تربیت اور باعزت روزگار کی فراہمی حکومت کی اہم ترجیح ہے، گلگت بلتستان میں چار دانش سکول تعمیر کے آخری مراحل میں ہیں، اگلے سال سے ان میں کلاسز شروع ہو جائیں گی، گلگت بلتستان کے قدرتی وسائل، سیاحتی مقامات اور معدنی ذخائر کو بروئے کار لا کر مقامی معیشت کو مزید مضبوط بنایا جائے گا، عوام کو درپیش مسائل کے حل، بہتر طرزِ حکمرانی اور شفافیت کے فروغ کے لیے وفاقی اور مقامی قیادت کے درمیان مؤثر رابطہ ناگزیر ہے جبکہ وزیر اعظم شہباز شریف نے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی زیرِ صدارت کمیٹی کی تشکیل کی ہدایت کی ہے جو ان ممبران اسمبلی کی جانب سے دی گئی قابل عمل تجاویز کا جائزہ لے کر رپورٹ پیش کرے گی۔ کمیٹی کے دیگر ممبران میں وزیر برائے امور گلگت بلتستان و کشمیر امیر مقام اور وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی و عوامی امور رانا ثناء اللہ شامل ہیں۔ وزیراعظم سے پاکستان مسلم لیگ (ن) سے تعلق رکھنے والے (بقیہ 1 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سانحہ اوڑک کے لواحقین و مظاہرین سے خطاب کررہے ہیں

آبادی کو ملک کی ترقی کے لئے ایک مثبت قوت بنایا جاسکے، سردار ایاز صادق

آبادی میں تیزی سے ہونے والے اضافہ سے پیدا ہونے والے چیلنجز سے موثر انداز میں نمٹنے کیلئے جامع منصوبہ بندی کی ضرورت ہے، سردار ایاز صادق

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ آبادی میں تیزی سے ہونے والے اضافہ سے پیدا ہونے والے چیلنجز سے موثر انداز میں نمٹنے کے لئے جامع منصوبہ بندی کی ضرورت ہے، ملکی ترقی اور خوشحالی کے لئے ضروری ہے کہ ہر فرد کو مساوی مواقع فراہم کئے جائیں اور نوجوانوں کی صلاحیتوں کو مثبت سمت میں بروئے کار لایا جائے۔ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے مطابق انہوں نے ان خیالات کا اظہار عالمی یوم آبادی کے موقع پر اپنے پیغام میں کیا جو ہر سال 11 جولائی کو اقوام متحدہ کے زیرِ اہتمام دنیا بھر میں منایا جاتا ہے (بقیہ 3 صفحہ 3 پر)

ڈھاڈر کے قریب بجلی کے متاثرہ کھمبوں کی مرمت میں تاخیری حربے قبول نہیں

بولان (این این آئی) شہری ایکشن کمیٹی ڈھاڈر کے صدر آغا محمد رحیم (بقیہ 34 صفحہ 3 پر)

کرک میں مشترکہ انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، 4 دہشت گرد ہلاک

ہلاک ہونے والے دہشت گرد زاہد گروپ سے تعلق رکھتے تھے جو متعدد پولیس افسران کی شہادت میں ملوث تھے

کرک (این این آئی) کرک کے علاقے خٹک ڈیم کے قریب کرک اور کوہاٹ پولیس نے مشترکہ انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے نتیجے میں 4 دہشت گرد مارے گئے۔ پولیس حکام کے مطابق ہلاک ہونے والے دہشت گرد زاہد گروپ سے تعلق رکھتے تھے جو متعدد پولیس افسران کی شہادت میں ملوث تھے۔ پولیس ترجمان کے مطابق ڈی پی او کرک اور ایس (بقیہ 3 صفحہ 3 پر)

وزیر داخلہ محسن نقوی کی کرک کے علاقے میں بھارتی سپانسرڈ دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر خیبرپختونخوا پولیس کی ستائش

کامیاب انٹیلی جنس آپریشن پر پولیس کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کرک کے علاقے میں بھارتی سپانسرڈ دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر خیبرپختونخوا پولیس کی ستائش کرتے ہوئے کہا ہے کہ کامیاب انٹیلی جنس آپریشن پر پولیس کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، دہشت گردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے لیے فورسز پرعزم ہیں۔ اپنے بیان میں وزیر (بقیہ 4 صفحہ 3 پر)

پاکستان ایک نوجوان اور باصلاحیت آبادی سے مالا مال ملک ہے، آصف زرداری

خواتین، بچوں اور نوجوانوں کو ترقیاتی حکمت عملی کا محور بنا کر ہم مساوی اور جامع مستقبل تشکیل دے سکتے ہیں، صدر

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ خواتین، بچوں اور نوجوانوں کو ترقیاتی حکمت عملی کا محور بنا کر ہم ایک ایسا مستقبل تشکیل دے سکتے ہیں جو مساوی اور جامع ہو۔ ایوان صدر کے پریس ونگ کے مطابق صدر مملکت نے ان خیالات کا اظہار آبادی کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ آج کا دن جو اس سال نوجوانوں کی امیدوں کو حقیقت کا روپ دینا، آج اور آنے والے کل کے لیے کے عنوان سے منایا جا رہا ہے، میں عالمی برادری کے ساتھ مل کر اس عزم کی تجدید کرتا ہوں کہ ہم ایک ایسا معاشرہ تشکیل دیں جہاں ہر شہری کو باوقار زندگی، صحت کی سہولیات اور یکساں مواقع میسر ہوں۔ صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان ایک نوجوان اور باصلاحیت آبادی سے مالا مال ملک ہے، ہمارے پینسٹھ فیصد سے زائد شہریوں کی عمر تیس برس سے کم ہے جو قومی ترقی کے لیے ایک غیر معمولی موقع فراہم کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ہمارے نوجوانوں کو معیاری تعلیم، صحت کی سہولیات، فنی مہارت اور روزگار کے مناسب مواقع فراہم کیے جائیں تو وہ ایک موثر آبادیاتی اثاثہ ثابت ہو سکتے ہیں جو معاشی ترقی، جدت اور سماجی خوشحالی کو نئی رفتار دے گا۔ صدر مملکت نے کہا کہ نوجوانوں پر کی (بقیہ 35 صفحہ 3 پر)

عالمی بینک کی پاکستان کیلئے 37 کروڑ، 59 لاکھ ڈالر قرض کی منظوری

عالمی بینک عالمی بینک 10 سالہ توانائی پروگرام کے پہلے مرحلے کیلئے فنڈ فراہم کرے گا

اسلام آباد (این این آئی) عالمی بینک نے پاکستان کیلئے 37 کروڑ، 59 لاکھ ڈالر قرض کی منظوری دیدی ہے منصوبے سے بجلی کی بندش میں کمی لانے میں مدد ملے گی۔ تفصیلات کے مطابق عالمی بینک عالمی بینک 10 سالہ توانائی پروگرام کے پہلے مرحلے کیلئے فنڈ فراہم کرے گا، مالی معاونت بجلی کی ترسیل کا نظام بہتر بنانے پر خرچ کی جائے گی، رقم سے قومی پاور گرڈ کو جدید بنانے کا منصوبہ شروع کیا جائے گا۔

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور مظاہرین کے مابین مذاکرات کامیاب، بی اے مال دھرنا ختم کردیا گیا

شہداء کے ورثاء کو مالی معاوضہ فراہم کیا جائے گا

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بی اے مال کے قریب جاری دھرنے کے شرکاء اور شہداء کے لواحقین سے ملاقات کی اور ان کے ساتھ تفصیلی گفتگو کی۔ معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان شاہد رند کے مطابق دھرنا کمیٹی کے ساتھ ہونے والے مذاکرات کامیاب رہے جس کے نتیجے میں دھرنا کمیٹی نے وزیراعلیٰ کی درخواست پر دھرنا ختم کرنے کا اعلان کردیا۔

طاہر کھوکھر کی انتخابی مہم زور و شور سے جاری، راولپنڈی کے مختلف علاقوں میں مقیم کشمیری مہاجرین کے گھروں کا دورہ

کشمیری مہاجرین کے حقوق فلاح اور ترقی کے لیے بھرپور کردار ادا کریں گے

راولپنڈی (این این آئی) امیدوار قانون ساز اسمبلی حلقہ ایل اے 39 جموں 6 استحکام پاکستان پارٹی آزاد کشمیر کے مرکزی رہنما سابق وزیر سیاحت و ٹرانسپورٹ محمد طاہر کھوکھر کی انتخابی مہم زور و شور سے جاری ہے انتخابی مہم کے سلسلے میں انہوں نے راولپنڈی کے مختلف علاقوں میں مقیم کشمیری مہاجرین کے گھروں کا دورہ کیا و وٹرز سیاسی و سماجی شخصیات اور معززین (بقیہ 6 صفحہ 3 پر)

آئینی عدالت نے نسلہ ٹاور کی مسماری کا سبب بننے والے سپریم کورٹ کے 2018 اور 2019 کے احکامات واپس لے لئے

عدالتیں اپنے سامنے موجود تنازع تک محدود رہیں، غیر ضروری معاملات میں مداخلت نہ کریں، وفاقی آئینی عدالت کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے نسلہ ٹاور کی مسماری کا سبب بننے والے سپریم کورٹ کے 2018 اور 2019 کے احکامات واپس لے لیے۔ جمعہ کو عدالت (بقیہ 9 صفحہ 3 پر)

اے آئی اور ڈیجیٹل سروسز کا فروغ، پاکستان کی عالمی آؤٹ سورسنگ مارکیٹ میں اہم پیشرفت سامنے آئی

2025-26 کے پہلے 11 ماہ میں بی پی او اور کال سینٹرز کی برآمدی آمدنی 300 ملین ڈالر سے تجاوز کرگئی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں آئی ٹی اور ڈیجیٹل سروسز کے (بقیہ 10 صفحہ 3 پر)

طلباء و طالبات جدید سائنسی شعبوں اور جدید مہارتوں دونوں میں معیاری تعلیم حاصل کریں، گورنر بلوچستان

لورالائی یونیورسٹی نے نہ صرف اپنے اکیڈمک ڈسپلن میں اپنا امتیاز برقرار رکھا ہے بلکہ اب لائیڈ سائنسز میں بھی بڑی دانشمندی کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے، جعفر خان مندوخیل

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل، چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس کامران خان ملاخیل اور صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی یونیورسٹی آف لورالائی کے چھ گھنٹے طویل سینیٹ اجلاس میں آخر تک موجود رہے جو اپنے صوبہ کے نوجوانوں کے روشن مستقبل اور ہائیر ایجوکیشن کے فروغ کیلئے ان کے غیر متزلزل عزم کا بڑا ثبوت ہے۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے یونیورسٹی آف لورالائی کے آٹھویں سینیٹ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ اپنے قیام کے مختصر عرصے میں لورالائی یونیورسٹی کوالٹی ایجوکیشن اور جدید مہارتیں سکھانے کی راہ پر گامزن ہو چکی ہے۔ مذکورہ یونیورسٹی نے نہ صرف اپنے اکیڈمک ڈسپلن میں اپنا امتیاز برقرار رکھا ہے بلکہ اب لائیڈ سائنسز میں بھی (بقیہ 36 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، ڈائریکٹر خانہ فرہنگ ایران سید ابوالحسن میری پریس کانفرنس کررہے ہیں

سینیٹ قائمہ کمیٹی داخلہ نے سابق اراکین اسمبلی کو بلیو پاسپورٹ دینے کا بل منظور کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ قائمہ کمیٹی داخلہ نے سابق اراکین اسمبلی کو بلیو پاسپورٹ دینے کا بل منظور کرلیا۔ سینیٹر عبدالقادر کی جانب سے دی ممبرز آف پارلیمنٹ (بقیہ 8 صفحہ 3 پر)

وزیر توانائی سے گورنر خیبرپختونخوا فیصل کریم کنڈی کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری (بقیہ 7 صفحہ 3 پر)

حج 2027 تا 2030 رجسٹریشن، عازمین کی تعداد 2 لاکھ 96 ہزار سے تجاوز کرگئی

اسلام آباد (این این آئی) حج 2027ء تا 2030ء کیلئے آن لائن رجسٹریشن کا عمل جاری ہے، جمعہ 10 جولائی شام 4 بجے تک 2 لاکھ 96 ہزار سے زائد عازمین رجسٹریشن کروا چکے ہیں۔

آپریشن شعبان کے تحت 39 دہشت گرد ہلاک کیے جا چکے ہیں، میر سرفراز بگٹی

جبکہ 5 جولائی سے جاری انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز میں مجموعی طور پر 75 دہشت گرد مارے گئے ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ منگی ڈیم پر دہشت گرد حملے کے بعد شروع کیے گئے آپریشن شعبان کے تحت سیکیورٹی فورسز کی مشترکہ کارروائیاں کامیابی سے جاری ہیں، جن کے دوران اب تک 39 دہشت گرد ہلاک کیے جا چکے ہیں، جبکہ 5 جولائی سے جاری انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز میں مجموعی طور پر 75 دہشت گرد مارے گئے ہیں۔

کرک کوہاٹ بارڈر پر پولیس کا انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، کمانڈر زاہد گروپ کے 4 دہشتگرد ہلاک

ہلاک دہشت گردوں کی شناخت اور ان کے مجرمانہ ریکارڈ کے بارے میں مزید تفصیلات جمع کی جا رہی ہیں، ڈی پی او کرک

کرک / کوہاٹ (این این آئی) کرک اور کوہاٹ پولیس نے مشترکہ طور پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کرتے ہوئے کمانڈر زاہد گروپ کے 4 دہشت گرد ہلاک کردیئے۔ ڈی پی او کرک عمران چترالی کے مطابق کرک اور کوہاٹ پولیس نے مشترکہ طور خٹک ڈیم، کرک کوہاٹ بارڈر کے علاقے میں ایک انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا، آپریشن کے دوران دہشت گردوں نے پولیس پارٹی پر فائرنگ شروع کر دی جس پر پولیس نے مؤثر جوابی کارروائی کی۔ شدید فائرنگ کے تبادلے کے نتیجے میں کمانڈر زاہد گروپ کے 4 دہشت گرد ہلاک ہوگئے۔ دہشت گرد گروپ ایس ایچ او تھانہ بانڈہ عمر نواز ضلع کرک اور انسپکٹر طاہر نواز ضلع کوہاٹ سال 2025 اور ڈی ایس پی اسد محمود، سب انسپکٹر انارگل سال 2026 و دیگر پولیس افسران و جوانان کی شہادت میں ملوث ہیں۔ ڈی پی او کرک کے مطابق ہلاک دہشت گردوں کی شناخت اور ان کے مجرمانہ ریکارڈ (بقیہ 37 صفحہ 3 پر)

یوسف رضا گیلانی سے مسلم ورلڈ لیگ کے سیکرٹری جنرل کی ملاقات، خطے کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے مسلم ورلڈ لیگ کے سیکرٹری جنرل ڈاکٹر محمد بن عبدالکریم العیسی کی قیادت میں ایک اعلیٰ سطحی وفد نے پارلیمنٹ ہاس میں ملاقات کی۔ ملاقات میں پاکستان اور سعودی عرب کے برادرانہ تعلقات، مسلم امہ کے اتحاد، عالمی امن، بین المذاہب ہم (بقیہ 11 صفحہ 3 پر)

اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کے عہدے کی امیدوار کی وزیراعظم سے ملاقات

وزیراعظم نے اقوام متحدہ کے تین بنیادی ستونوں، یعنی امن و سلامتی، ترقی اور انسانی حقوق، میں متوازن پیش رفت کی ضرورت پر زور دیا

اسلام آباد (این این آئی) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کے عہدے کی امیدوار محترمہ ربیکا گرینسپین نے وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ جاری اعلامیہ کے مطابق اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کے عہدے کی امیدوار محترمہ ربیکا گرینسپین نے وزیراعظم ہاؤس میں وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی، ملاقات کے دوران وزیراعظم نے کثیر الجہتی تعاون کے لیے پاکستان کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کرتے ہوئے اقوام متحدہ کے منشور کے مقاصد اور اصولوں کے فروغ و (بقیہ 12 صفحہ 3 پر)

عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر پہنچانا حکومت کی اولین ترجیح ہے، طارق فضل چوہدری

بلوچستان میں جو کچھ ہو رہا ہے یہ حقوق کی جنگ نہیں بلکہ بھارت کی طرف سے مسلط کی گئی پراکسی وار ہے، قوم کے ساتھ ملکر پاکستان میں امن و خوشحالی کے حوالے سے اپنا کردار ادا کریں گے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر پہنچانا حکومت کی اولین ترجیح ہے، بلوچستان میں جو کچھ ہو رہا ہے یہ حقوق کی جنگ نہیں بلکہ بھارت کی طرف سے مسلط کی گئی پراکسی وار ہے، پوری قوم کا عزم ہے کہ پاکستان میں امن و خوشحالی کے حوالے سے اپنا کردار ادا کریں گے۔ جمعہ کو یہاں پھلگراں میں ڈیجیٹلائزڈ ہیلتھ سنٹر کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اسلام آباد کی 50 فیصد آبادی دیہاتوں پر مشتمل ہے، یہاں سے مریضوں کو علاج معالجہ کیلئے شہر کے بڑے ہسپتالوں میں جانا پڑتا ہے جبکہ اسلام آباد کے بڑے ہسپتالوں میں خیبرپختونخوا، جہلم، مری اور کوٹلی ستیاں تک سے لوگ آتے ہیں۔

فورسز کی کامیاب کارروائیاں جوانوں کے حوصلے، قربانی اور وطن سے محبت کی روشن مثال ہیں، طارق فضل چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ منگی ڈیم پولیس سٹیشن واقعہ کے بعد فورسز کا کامیاب ''آپریشن شعبان'' 75 دہشت گردوں کی ہلاکت سیکیورٹی فورسز کی پیشہ وارانہ مہارت، بہادری اور غیر متزلزل عزم کا واضح ثبوت ہے۔

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل یونیورسٹی آف لورالائی کے آٹھویں سینٹ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

کوئٹہ، بلوچستان اسسمنٹ بیک کے چیف ایگزیکٹیو آفیسر منیر احمد نوتیزئی سے اقراء سکولز ایسوسی ایشن ضلع کوئٹہ کے صدر محمد شاکر خان کاکڑ ملاقات کررہے ہیں

پاکستان اور دنیا بھر سے پولیو کے مکمل خاتمے کیلئے آئندہ 6 ماہ فیصلہ کن قرار

گلوبل پولیو ایریڈیکیشن انیشیٹیو کے پولیو اوورسائٹ بورڈ کے اعلیٰ سطحی وفد کا دورہ پاکستان، این ای او سی حکام کی بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل ایمرجنسی آپریشنز سینٹر نے کہا ہے کہ پاکستان اور دنیا بھر سے پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے آئندہ 6 ماہ فیصلہ کن ہیں۔ گلوبل پولیو ایریڈیکیشن انیشیٹیو کے پولیو اوورسائٹ بورڈ کے اعلیٰ سطحی وفد نے پاکستان کا دورہ کیا اور نیشنل ایمرجنسی آپریشنز سینٹر (نیشنل ای او سی) میں انسدادِ پولیو پروگرام کے اعلیٰ حکام سے ملاقات کی۔

جاوید اقبال بڈھانوی کی انتخابی مہم کامیابی کے ساتھ جاری نکیال بھر میں ان کی عوامی مقبولیت میں مسلسل اضافہ

جاوید اقبال بڈھانوی نے ہمیشہ ذاتی یا گروہی مفادات کے بجائے عوامی خدمت کو ترجیح دی، معززین و عوامی حلقے

نکیال (این این آئی) وزیر خوراک ٹیکنیکل ایجوکیشنل و کے ڈی اے جاوید اقبال بڈھانوی کی انتخابی مہم کامیابی کے ساتھ جاری نکیال بھر میں ان کی عوامی مقبولیت میں مسلسل اضافہ مختلف علاقوں سے عوامی وفود سیاسی و سماجی شخصیات عمائدین نوجوانوں اور متعدد (بقیہ 15 صفحہ 3 پر)

عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر پہنچانا حکومت کی اولین ترجیح ہے، طارق فضل چوہدری

بلوچستان میں جو کچھ ہو رہا ہے یہ حقوق کی جنگ نہیں بلکہ بھارت کی طرف سے مسلط کی گئی پراکسی وار ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر پہنچانا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔

ملکی معیشت کی مضبوطی اور پائیدار ترقی میں کراچی کا کردار کلیدی حیثیت رکھتا ہے، سیدال ناصر

کراچی نہ صرف ملک کا سب سے بڑا تجارتی و صنعتی مرکز ہے بلکہ قومی آمدن، برآمدات اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے میں بھی اس کا نمایاں حصہ ہے، ڈپٹی چیئرمین سینٹ

اسلام آباد+کوئٹہ (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے کراچی کو پاکستان کی معاشی شہ رگ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ملکی معیشت کی مضبوطی اور پائیدار ترقی میں کراچی کا کردار کلیدی حیثیت رکھتا ہے، کراچی نہ صرف ملک کا سب سے بڑا تجارتی و صنعتی مرکز ہے بلکہ قومی آمدن، برآمدات اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے میں بھی اس کا نمایاں حصہ ہے۔ یہ بات انہوں نے ملک کے معروف بلڈر ارشاد بخاری کی جانب سے اپنے اعزاز میں دیئے گئے عشائیہ سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ موقع پر مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے ملک کی معاشی صورتحال، سرمایہ کاری کے فروغ، تعمیراتی شعبے کی ترقی اور کراچی کے معاشی کردار پر تبادلہ خیال کیا۔ اپنے خطاب میں ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے کراچی کو پاکستان کی معاشی شہ رگ قرار دیتے ہوئے کہا کہ ملکی معیشت کی مضبوطی (بقیہ 38 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ شہر میں ترقیاتی منصوبوں کے تحت برقی لائنوں کی شفٹنگ اور کھمبوں کی تنصیب کے سلسلے میں بجلی بند رہے گی، کیسکو

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں کے تحت برقی لائنوں کی شفٹنگ اور نئے کھمبے نصب کئے جا رہے ہیں۔

ورلڈ بینک نے پاکستان میں بجلی کے ترسیلی نظام کو بہتر کرنے کیلئے 376 ملین ڈالر کی منظوری دیدی

اسلام آباد (این این آئی) عالمی بینک نے پاکستان کے پاور گرڈ کے لیے 376 ملین ڈالر منظور کرلیے۔ عالمی بینک نے پاکستان کے پاور گرڈ کے لیے 376 ملین (بقیہ 13 صفحہ 3 پر)

شہید مولا بخش دشتی ان عظیم قومی رہنماؤں میں شامل تھے، میر رحمت صالح بلوچ

جنہوں نے اپنی پوری زندگی بلوچ قوم کے سیاسی شعور، جمہوری اقدار، قومی حقوق اور عوامی بالادستی کے لیے وقف کردی

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور بلوچستان اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے بلوچ قومی رہنما شہید مولا بخش دشتی کی برسی کے موقع پر انہیں شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ شہید مولا بخش دشتی ان عظیم قومی رہنماؤں میں شامل تھے جنہوں نے اپنی پوری زندگی بلوچ قوم کے سیاسی شعور، (بقیہ 5 صفحہ 3 پر)

وفاقی آئینی عدالت نے نسلہ ٹاور کی مسماری کا سبب بننے والے سپریم کورٹ کے احکامات واپس لے لیے

سپریم کورٹ نے زیر سماعت مقدمے سے آگے بڑھ کر وسیع احکامات جاری کیے، وفاقی آئینی عدالت کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے نسلہ ٹاور کی مسماری کا سبب بننے والے سپریم کورٹ کے 2018 اور 2019 کے احکامات واپس لے لیے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق وفاقی آئینی عدالت نے بتایا کہ غیر قانونی تعمیرات کے خلاف کارروائی کا اختیار (بقیہ 14 صفحہ 3 پر)

امریکہ اور ایران کے درمیان بڑھتی عسکری کشیدگی عالمی امن کے لیے سنگین خطرہ ہے، عبدالقادر

جنگ کا راستہ فوری ترک کیا جائے، پاکستان، قطر، سعودی عرب، عمان، ترکی اور دیگر ذمہ دار ممالک فوری سفارتی ثالثی کا کردار ادا کریں، سینیٹر محمد عبدالقادر

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ امریکہ اور ایران کے درمیان بڑھتی ہوئی عسکری کشیدگی پورے مشرق وسطیٰ کو ایک خطرناک جنگ کی طرف دھکیل رہی ہے، جس کے نتائج صرف متعلقہ ممالک تک محدود نہیں رہیں گے بلکہ عالمی امن، معیشت، توانائی کی رسد اور بین الاقوامی استحکام پر بھی گہرے اور دیرپا منفی اثرات مرتب ہوں گے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ جنگ کسی مسئلے کا حل نہیں بلکہ مزید تباہی، انسانی المیے، معاشی بحران اور علاقائی عدم استحکام کو جنم دیتی ہے۔

شہید مولا بخش دشتی بلوچ قومی تحریک کے ان عظیم رہنماؤں میں شمار ہوتے ہیں، ترجمان نیشنل پارٹی

جنہوں نے شعوری، فکری اور سیاسی بنیادوں پر قومی جدوجہد کی سمت متعین کرنے میں تاریخی کردار ادا کیا

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی انفارمیشن سیکرٹری و ترجمان علی احمد لاگو نے شہید مولا بخش دشتی کی برسی کے موقع پر جاری بیان میں شہید مولا بخش دشتی کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ شہید مولا بخش دشتی بلوچ قومی تحریک کے ان عظیم رہنماؤں میں شمار ہوتے ہیں جنہوں نے شعوری، فکری اور سیاسی بنیادوں پر قومی جدوجہد کی سمت متعین کرنے میں تاریخی کردار ادا کیا۔

وزیراعظم کا کثیر جہتی نظام، اقوام متحدہ کے چارٹر اور مضبوط پی این او کیلئے پاکستان کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ

اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کے عہدے کے امیدوار میکی سال کا اسلام آباد میں خیر مقدم کرنا ان کے لیے باعث مسرت تھا، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کثیر جہتی نظام، اقوام متحدہ کے چارٹر اور مضبوط اقوام متحدہ کے لیے پاکستان کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا ہے۔

پوری قوم اپنے شہداء کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی، صادق سنجرانی

بلوچستان عوامی پارٹی دہشت گردی کے واقعات میں شہید ہونے والے شہریوں، پولیس اور سیکورٹی فورسز کے جوانوں کو خراج عقیدت پیش کرتی ہے، میر محمد صادق خان سنجرانی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما و سابق چیئرمین سینیٹ میر محمد صادق خان سنجرانی نے بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی صدر نواب زادہ خالد حسین مگسی اور سیکرٹری جنرل سینیٹر منظور احمد خان کاکڑ سے باہمی مشاورت کے بعد پاکستان کی مسلح افواج، ایف سی، پولیس اور دہشت گردی کے واقعات میں شہید ہونے والے بے گناہ شہریوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے ب

کوئٹہ اور آزاد کشمیر سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

Daily FARZAND-E-KASHMIR

روزنامہ فرزندِ کشمیر

چیف ایڈیٹر: محمد شوکت

چیف ایڈیٹر و پبلشر: محمد شوکت نے سعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ فرزند کشمیر کوئٹہ آفس نمبر 1 سیکنڈ فلور یونیورسل کمپلیکس جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔

(موبائل نمبر 0300-3843995) فون نمبر:۔ 0812869391

فیکس نمبر:۔ 0512204192, 0812869207

نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر منگ روڈ راولاکوٹ آزاد کشمیر سے شائع کیا۔

سرحد پار دہشت گردی کے خلاف عسکری اور سیاسی قیادتوں کی فیصلہ کن حکمتِ عملی

چیف آف سکیورٹی فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی میں سکیورٹی اینڈ وار کورس کے فارغ التحصیل افسروں سے خطاب کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ سرحد پار دہشت گردی کو پوری قوت سے کچل دیا جائے گا اور دشمن کو پاکستان کے امن سے کھیلنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی۔ ہم دشمن کی ایجنسیوں کی ملک کو غیر مستحکم کرنے کی تمام کوششوں سے مکمل آگاہی رکھتے ہوئے ان کا موثر اور بھرپور جواب دیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ دشمن کے پراکسی نیٹ ورکس کو پاکستان کے امن سے کھیلنے کی قطعاً اجازت نہیں دی جائے گی۔ دہشت گردوں کی محفوظ پناہ گاہوں اور ان کے سہولت کاروں کے مکمل خاتمے کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا، ہمیں اپنی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیت اور بلند حوصلے پر مکمل اعتماد ہے۔ انہوں نے باور کرایا کہ جنگیں بیان بازی یا سیاسی نعروں سے نہیں بلکہ ایمان، اتحاد اور نظم وضبط سے جیتی جاتی ہیں۔ آج جنگ کی نوعیت بدل چکی ہے، پاکستان کی مسلح افواج بدلتی ہوئی جنگی نوعیت اور جدید تقاضوں کیمطابق اپنی حکمت عملی، صلاحیتوں اور پیشہ ورانہ تیاری کو مسلسل مضبوط بنا رہی ہیں۔ افواج پاکستان ہر قسم کے چیلنجز سے نمٹنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہیں۔ دریں اثناء ڈائریکٹر جنرل آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے اپنی گذشتہ روز کی پریس بریفنگ میں واضح کیا کہ بلوچستان میں ہونے والی دہشت گردی میں بھارت کے ملوث ہونے کے شواہد موجود ہیں، گزشتہ چند روز میں سکیورٹی فورسز نے 54 دہشت گردوں کو جہنم واصل کیا جبکہ 42 افسران اور جوانوں نے وطن کے دفاع میں جامِ شہادت نوش کیا۔ انہوں نے یہ بھی باور کرایا کہ کوئی طاقت پاکستان کو دھمکا نہیں سکتی اور افغان سرزمین کا پاکستان کے خلاف دہشت گردی کے لیے استعمال ہونا انتہائی تشویش ناک ہے۔ انہوں نے بتایا کہ گذشتہ چار روز کے دوران بلوچستان میں دہشت گردی کے تین بڑے واقعات پیش آئے جن میں فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان سے وابستہ دہشت گردوں نے اپنے مذموم مقاصد کے لئے معصوم شہریوں کو نشانہ بنایا۔ انہوں نے واضح کیا کہ فتنہ الہندوستان کا بلوچستانیوں سے کوئی تعلق نہیں جبکہ فتنہ الخوارج کا اسلام سے بھی کوئی تعلق نہیں۔ پاکستان کا موقف اس معاملہ میں واضح اور دوٹوک ہے کہ دہشت گردوں، ان کے سہولت کاروں اور سرپرستوں کا ہر حد تک پیچھا کیا جائے گا۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری کا کہنا تھا کہ افغان سرزمین پاکستان مخالف کارروائیوں کے لئے استعمال ہو رہی ہے اور ان دہشت گرد کارروائیوں کو افغان طالبان رجیم کی پشت پناہی حاصل ہے۔ کراچی حملے کی تمام منصوبہ بندی افغانستان میں کی گئی جبکہ بلوچستان میں دہشت گردی بھارت کرا رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ دہشت گردوں کے خلاف کارروائیوں کے دوران پولیس کے 18 جوانوں نے جام شہادت نوش کیا جبکہ تینوں دہشت گرد حملوں میں وطنِ عزیز کا دفاع کرتے ہوئے مجموعی طور پر 42 شہادتیں ہوئیں۔ دہشت گردوں نے معصوم بچوں کو یرغمال بنایا اور مقامی آبادی کو نشانہ بنایا۔ ان کا مقصد عوام میں خوف و ہراس پھیلانا تھا۔ معصوم شہریوں اور وطن کے بہادر سپوتوں کو نشانہ بنانے والوں کو کسی قسم کی رعایت نہیں دی جائے گی اور وہ جہاں بھی ہوں گے، انہیں نشانِ عبرت بنایا جائے گا۔ انہوں نے دوٹوک اعلان کیا کہ اگر دہشت گرد پاکستانی شہریوں پر ہاتھ اٹھائیں گے تو ریاست ان سے مذاکرات نہیں کرے گی بلکہ ہر جگہ ان کا تعاقب کیا جائے گا۔ ان کے بقول اس پر سیاسی اور عسکری قیادتوں کا اتفاقِ رائے اور ایک ہی موقف ہے۔

یہ امر واقعہ ہے کہ پاکستان گزشتہ دو دہائیوں سے دہشت گردی کے خلاف ایک طویل اور صبر آزما جنگ لڑ رہا ہے۔ اس جنگ میں ہماری مسلح افواج، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور عام شہریوں نے بے مثال قربانیاں دی ہیں۔ ہزاروں جانوں کی قربانی کے بعد ملک میں امن واستحکام کی فضا بحال ہوئی مگر بدقسمتی سے خطے میں بدلتی ہوئی صورتِ حال، افغانستان میں بعض دہشت گرد عناصر کی محفوظ پناہ گاہوں اور پاکستان دشمن قوتوں کی مسلسل سرپرستی نے دہشت گردی کی نئی لہر کو جنم دیا ہے۔ اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں کہ پاکستان کے خلاف سرگرم دہشت گرد تنظیمیں بیرونی معاونت، مالی وسائل، جدید اسلحہ اور خفیہ معلومات کے سہارے اپنی کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں۔

پاکستان متعدد مواقع پر یہ موقف عالمی برادری کے سامنے رکھ چکا ہے کہ بھارت مختلف پراکسی گروہوں کے ذریعے پاکستان میں بدامنی پھیلانے کی کوشش کرتا رہتا ہے۔ ماضی میں بھی متعدد گرفتار دہشت گردوں کے اعترافی بیانات اور مختلف شواہد اس امر کی طرف اشارہ کرتے رہے ہیں کہ بھارت کی جانب سے پاکستان کے خلاف پراکسی جنگ کی حکمت عملی اختیار کی گئی ہے۔ اس تناظر میں یہ کہنا بے جا نہیں ہوگا کہ اگر بلوچستان اور دیگر علاقوں میں سرگرم دہشت گرد گروہوں کو بیرونی سرپرستی حاصل ہے تو یہ نہ صرف پاکستان بلکہ پورے خطے کے امن کے لیے سنگین خطرہ ہے۔ عالمی برادری کو اس معاملے کا غیر جانب دارانہ جائزہ لینا چاہیے تاکہ ریاستوں کے درمیان کشیدگی بڑھانے والی سرگرمیوں کی روک تھام ممکن ہو سکے۔

بلاشبہ یہ افغانستان کی عبوری طالبان حکومت کی بھی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنی سرزمین کسی دوسرے ملک کے خلاف استعمال نہ ہونے دے۔ یہ اصول عالمی قوانین، اقوام متحدہ کے منشور اور دوطرفہ تعلقات کی بھی بنیاد ہے۔ پاکستان بارہا اس مسئلے کی نشاندہی کر چکا ہے کہ سرحد پار سے دہشت گرد عناصر دراندازی کرتے ہیں اور پاکستانی شہریوں وسکیورٹی اہلکاروں کو نشانہ بناتے ہیں۔ اگر اس مسئلے پر سنجیدگی سے توجہ نہ دی گئی تو اس کے منفی اثرات پورے خطے کو اپنی لپیٹ میں لے سکتے ہیں۔ اس لیے کابل حکومت پر لازم ہے کہ وہ اپنی ذمہ داری پوری کرے اور ایسے تمام عناصر کے خلاف موثر کارروائی کرے جو دونوں برادر ممالک کے تعلقات کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہے ہیں۔

یہ امر خوش آئند ہے کہ پاکستان کی مسلح افواج پوری پیشہ ورانہ مہارت، بہترین حکمت عملی اور بلند حوصلے کے ساتھ دہشت گردی کے خلاف نبرد آزما ہیں۔ حالیہ کارروائیوں میں بڑی تعداد میں دہشت گردوں کا انجام تک پہنچایا جانا اس بات کا ثبوت ہے کہ ریاست اپنے دفاع اور عوام کے تحفظ کے معاملے میں کسی قسم کی کمزوری نہیں دکھا رہی۔ تاہم دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے صرف فوجی اپریشنز ہی کافی نہیں بلکہ قومی اتحاد، موثر انٹیلی جنس، مضبوط سرحدی نگرانی، معاشی استحکام، سیاسی ہم آہنگی اور سماجی شعور بھی اتنا ہی اہمیت کا حامل ہے۔

اندریں حالات قومی تقاضا یہی ہے کہ دہشت گردی جیسے حساس مسئلے کو سیاسی اختلافات کی نذر نہ ہونے دیا جائے۔ حکومت، اپوزیشن، عسکری قیادت، مذہبی وسیاسی جماعتوں، ذرائع ابلاغ اور سول سوسائٹی، سب کو ایک صفحے پر آنا ہوگا۔ دشمن کی کوشش یہی ہے کہ پاکستان کے اندر تقسیم پیدا کر کے ریاستی اداروں اور عوام کے درمیان بداعتمادی کو فروغ دیا جائے مگر قومی اتحاد سے اس سازش کو ناکام بنایا جا سکتا ہے۔ شہداء کی قربانیاں بھی اس امر کی متقاضی ہیں کہ پوری قوم ریاستی اداروں کے ساتھ کھڑی ہو اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے ہر ممکن تعاون کرے۔

اس تناظر میں ملک کی سیاسی اور عسکری قیادتوں کی جانب سے بھارت کو متعدد مواقع پر باور کرایا جا چکا ہے کہ اگر وہ پاکستان کے خلاف کسی بھی قسم کی جارحیت یا پراکسی جنگ کی راہ اختیار کرتا ہے تو اسے گذشتہ سال مئی والی اپنی جنگی جنونیت کا پاک افواج کے ہاتھوں عبرتناک انجام بہرصورت پیشِ نظر رکھنا چاہیئے۔

دوبارہ جنم لیتا آبنائے ہرمز کا قضیّہ

نصرت جاوید

امریکہ اور اس کے یورپی اتحادیوں پر مشتمل تنظیم نیٹو کے سربراہی اجلاس میں شرکت کے لئے صدر ٹرمپ بدھ کے روز ترکیہ کے دارالحکومت انقرہ میں موجود تھے۔ نیٹو کے امور پر توجہ مرکوز رکھنے کے بجائے موصوف غیر ملکی سربراہان سے باہمی ملاقاتوں کے بہانے ایک نہیں پانچ مرتبہ کیمروں کے روبرو آئے اور ہذیانی ہوئے ایران کو انتہائی غیر سفارتی زبان میں تنقید کا نشانہ بناتے رہے۔ طیش کے عالم میں اس ملک کو ''اسلامیہ جمہوریہ جاپان'' بھی پکارا۔

ٹرمپ کے طیش بھرے اضطراب کا سبب منگل کی شام سے آبنائے ہرمز سے گزرنے والے تیل بردار جہازوں پر ہوئے حملے تھے۔ ایران نے براہ راست سعودی عرب اور قطر کے آئل ٹینکروں پر ہوئے حملوں کی تردید نہیں کی۔ محتاط زبان میں لکھے ایک بیان سے فقط یاد دلایا کہ پاکستان اور قطر کی کاوشوں سے تیار ہوئی مفاہمتی یادداشت نے آبنائے ہرمز سے گزرنے والے ہر جہاز کے لئے لازمی ٹھہرایا ہے کہ وہ ایران کو اپنی نقل وحرکت سے آگاہ کرے گا۔ ایران سے رابطے کے بعد ایسی گزرگاہوں کا تعین ہوگا جہاں سے بحری جہاز بحفاظت گزر سکتے ہیں۔ ایران کو مطلع کئے بغیر آبنائے ہرمز سے گزرنے والے جہازوں، کشتیوں اور تیل بردار ٹینکروں کی حفاظت یقینی نہیں بنائی جا سکتی۔

سفارتی زبان میں تیار ہوا ایرانی بیان درحقیقت منگل کی رات آبنائے ہرمز سے گزرنے والے جہازوں پر ایک حوالے سے خبردار کرنے والے حملوں کی ذمہ داری لیتا نظر آیا۔ مذکورہ بیان کے ذریعے ایران دنیا کو یہ بتاتا بھی سنائی دیا کہ آبنائے ہرمز کی گزرگاہ اب کامل ایرانی کنٹرول میں ہے۔ امریکہ اور اس کے اتحادیوں کو یہ حقیقت تسلیم کرنا ہوگی۔ آبنائے ہرمز پر اپنا حق اجاگر کرنے کے بعد ایران امریکہ کے ساتھ مذاکرات کے ذریعے وہاں سے گزرنے والے جہازوں سے ''ٹول ٹیکس'' وصول کرنے کا نظام متعارف کروانا چاہ رہا ہے۔ نہر سوئز سے گزرنے والے جہاز مصر کو ٹول ٹیکس نما رقم ادا کرتے ہیں۔ لاطینی امریکہ کی پانامہ نہر سے گزرنے کی اجرت بھی وصول کی جاتی ہے۔

نہر سوئز اور پانامہ نہر کو مگر انسانی سرمایہ اور مزدوری سے دیوہیکل بحری جہازوں کی گزرگاہ بنایا گیا ہے۔ آبنائے ہرمز ان کے برعکس ایک قدرتی گزرگاہ ہے۔ ایران اور اومان کے ساحلوں سے ملحق اس تنگ آبنائے سے گزشتہ پانچ سو سال کے دوران بحری جہاز کسی بھی ملک کو ٹول ٹیکس ادا کئے بغیر گزرتے رہے ہیں۔ چار سو سال قبل پرتگال نے اس آبنائے پر اپنا اجارہ قائم کرنے کی کوشش کی تھی۔ ایرانی مزاحمت نے مگر اسے ناکام بنا دیا تھا۔ برصغیر پاک وہند پر اپنا قبضہ جمانے کے بعد برطانوی سامراج نے بحر ہند پر اپنا اجارہ متعارف کروایا۔ موجودہ یمن کے عدن شہر، کویت اور خلیجی ممالک میں برطانوی فوجی تعینات کئے۔ آبنائے ہرمز سے گزرتے بحری جہازوں سے مگر راہداری کے نام پر کوئی فیس وصول نہیں کی جاتی تھی۔ 1947ء کے بعد آبنائے ہرمز اور بحر ہند سے ہوئی بحری تجارت کی ''حفاظت'' یقینی بنانے کے نام پر امریکہ نے برطانیہ کی جگہ لی۔ قطر اور بحرین میں اپنے فوجی جدید ترین اسلحہ سمیت تعینات کردئے۔ اس کے علاوہ کئی خلیجی ممالک کی حفاظت یقینی بنانے کا ذمہ بھی اپنے سر لے لیا۔

رواں برس کے مارچ میں اسرائیل کے ساتھ مل کر ایران پر امریکہ نے جو حملہ کیا اس کے نتیجے میں ایران نے حیران کن مزاحمت کی بدولت آبنائے ہرمز پر اپنا اجارہ تقریباً ثابت کر دیا ہے۔ جنگ بندی کے بعد بھی وہ اسے برقرار رکھنا چاہتا ہے اور خطے میں دائمی امن یقینی بنانے کے لئے مسلسل تقاضہ کئے چلا جا رہا ہے کہ اس کے مذکورہ اجارے کو تسلیم کیا جائے۔ علاوہ ازیں وہ آبنائے کو صاف ستھرا رکھنے کے لئے وہاں سے گزرتے جہازوں سے کچھ رقم بھی وصول کرنا چاہتا ہے۔

امریکہ ایران کے اس مطالبے کے آگے سرنگوں ہوجائے تو دنیا کو واضح پیغام یہ جائے گا کہ بحر ہند سے بذریعہ آبنائے ہرمز ہوئی تجارت کی حفاظت اب ''دنیا کی واحد سپر طاقت کہلائے'' ملک کا اجارہ نہیں رہی۔ خلیجی ممالک کو بحر ہند سے ملانے والی آبنائے ایران کے حوالے کردی گئی ہے۔ سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات آبنائے ہرمز سے گزرے بغیر متبادل راستوں سے بحر ہند سے اپنی تجارت رواں رکھ سکتے ہیں۔ بحرین، کویت اور قطر مگر اپنا تیل اور گیس بیچنے کے لئے ایران پر کامل انحصار کو مجبور ہوجائیں گے۔ ان تینوں کے لئے ایران خلیج کا سب سے طاقتور ملک بن جائے گا۔

مذکورہ امکان کو ناممکن بنانے کے لئے امریکہ آبنائے ہرمز کے جنوبی پانیوں سے ایسی گزرگاہ متعارف کروانا چاہ رہا ہے جو ایران کے ساحل کو چھوتے شمالی پانیوں کی محتاج نہ ہو۔ جنگ بندی کے دوران اومان کے ساحل سے متصل جنوبی گزرگاہ سے مگر قطر اور سعودی عرب کے بھاری بھرکم تیل اور گیس بردار جہازوں نے ایران کی معاونت طلب کئے بغیر گزرنے کی کوشش کی تو ڈرونز نے ان پر انتہائی حملے شروع کردئے۔ امریکہ کو پیغام دیا کہ امام خمینائی کی آخری رسومات پر کامل توجہ مبذول کرتے ہوئے بھی ایران آبنائے ہرمز سے گزرتی ٹریفک پر کڑی نگاہ رکھے ہوئے ہے۔ آبنائے ہرمز کے جنوبی حصے کو شمالی حصے کا متبادل بنانے کی ہر کوشش ناکام بنانے پر تلا بیٹھا ہے۔ سادہ ترین الفاظ میں یوں کہہ لیں کہ گزرے منگل کی رات سے امریکہ کے ساتھ ایران کی جو جھڑپیں شروع ہوئی ہیں ان کا حتمی مقصد آبنائے ہرمز پر کامل کنٹرول کا حصول ہے۔ فقط مذاکرات کے ذریعے یہ قضیہ حل ہوتا نظر نہیں آرہا۔ ذہنی طور پر لہٰذا ہمیں اپنے ہمسایے میں امریکہ اور ایران کے مابین جنگی جھڑپوں کے ایک اور دور کے لئے تیار رہنا ہوگا۔

استنبول بزنس کانفرنس' پاکستان ترکیہ سرمایہ کاری شراکت داری' نئی جہت

محمد طاہر

پاکستان اور ترکیہ کے درمیان اقتصادی تعاون کو اس وقت نئی رفتار ملی جب 2 جولائی 2026 کو استنبول میں پاکستان۔ ترکیہ بزنس کانفرنس کامیابی سے منعقد ہوئی۔ اسپیشل انویسٹمنٹ فیسیلیٹیشن کونسل (ایس آئی ایف سی) کی قیادت میں منعقد ہونے والی اس اعلیٰ سطحی کانفرنس نے سرمایہ کاری پر مبنی اقتصادی ترقی کے لیے پاکستان کے عزم کو اجاگر کرنے کے ساتھ دونوں برادر ممالک کے درمیان تزویراتی اقتصادی شراکت داری کو مزید مستحکم کیا۔ کانفرنس میں دونوں ممالک کے اعلیٰ سرکاری حکام، ممتاز سرمایہ کاروں، کاروباری شخصیات اور مختلف صنعتی شعبوں سے تعلق رکھنے والے نمائندوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر سرمایہ کاری، صنعتی تعاون اور مشترکہ کاروباری مواقع کے فروغ کے لیے موثر تبادلہ خیال کیا گیا، جبکہ ایس آئی ایف سی کو پاکستان کے موثر اور جامع سرمایہ کاری سہولت کاری پلیٹ فارم کے طور پر نمایاں کیا گیا، جو سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافے، ادارہ جاتی ہم آہنگی اور سرمایہ کاری کے عمل کو تیز تر بنانے میں کلیدی کردار ادا کر رہا ہے۔ گزشتہ دو برسوں کے دوران ایس آئی ایف سی نے ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے مربوط حکومتی حکمتِ عملی متعارف کراتے ہوئے سرمایہ کاری کے نظام میں نمایاں اصلاحات کی ہیں۔ ون ونڈو سہولت کے ذریعے مختلف سرکاری اداروں کے درمیان موثر رابطہ، بروقت فیصلوں اور انتظامی رکاوٹوں کے خاتمے نے پاکستان کو بین الاقوامی سرمایہ کاروں کے لیے ایک زیادہ پرکشش اور سرمایہ دوست منزل کے طور پر ابھارا ہے۔ استنبول بزنس کانفرنس نے ترکیہ کی کاروباری برادری کے سامنے پاکستان کی بدلتی ہوئی سرمایہ کاری کی صورتحال، اصلاحاتی اقدامات اور مختلف شعبوں میں دستیاب وسیع مواقع کو اجاگر کرنے کا بہترین موقع فراہم کیا۔ شرکا کو بتایا گیا کہ پاکستان مسابقتی، موثر اور سرمایہ کار دوست ماحول کی تشکیل کے لیے مسلسل اصلاحات پر عمل پیرا ہے تاکہ پائیدار سرمایہ کاری کو فروغ دیا جا سکے۔ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان اور ترکیہ کے درمیان اقتصادی تعاون کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے ترک سرمایہ کاروں اور صنعتکاروں کو پاکستان میں دستیاب سرمایہ کاری کے مواقع سے بھرپور استفادہ کرنے کی دعوت دیتے ہوئے یقین دہانی کرائی کہ حکومت ایس آئی ایف سی کے پلیٹ فارم کے ذریعے سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولت، بروقت فیصلوں، ضابطہ جاتی مسائل کے حل اور مکمل ادارہ جاتی معاونت فراہم کرتی رہے گی۔ کانفرنس نے اس حقیقت کو بھی اجاگر کیا کہ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات اب مزید مضبوط اقتصادی اور تجارتی شراکت داری کی صورت اختیار کر رہے ہیں۔ دونوں ممالک تجارت، سرمایہ کاری، صنعتی تعاون اور جدید ٹیکنالوجی کے شعبوں میں مشترکہ منصوبوں کے ذریعے باہمی اقتصادی ترقی کے نئے امکانات سے فائدہ اٹھانے کے خواہاں ہیں۔ کاروباری اداروں کے درمیان براہِ راست روابط اس کانفرنس کا ایک اہم پہلو رہے، جہاں مشترکہ سرمایہ کاری، جوائنٹ وینچرز، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور طویل المدتی تجارتی شراکت داری کے متعدد امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ایسے روابط نجی شعبے کے درمیان پائیدار تعاون کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ کانفرنس میں پاکستان کے انفراسٹرکچر، توانائی، مینوفیکچرنگ، انفارمیشن ٹیکنالوجی، زراعت، معدنیات، سیاحت اور دیگر ترجیحی شعبوں میں موجود سرمایہ کاری کے وسیع مواقع کو بھی نمایاں کیا گیا۔ ایس آئی ایف سی کا مربوط سہولت کاری نظام سرمایہ کاروں کو ایک ایسا موثر ادارہ جاتی فریم ورک فراہم کر رہا ہے جو مختلف شعبوں میں درپیش رکاوٹوں کو کم کرتے ہوئے منصوبوں پر بروقت عمل درآمد کو ممکن بناتا ہے۔

اس کانفرنس کا ایک اہم پہلو پاکستان کے بہتر ہوتے سرمایہ کاری ماحول پر عالمی سرمایہ کاروں کے بڑھتے ہوئے اعتماد کا اظہار بھی تھا۔ پالیسیوں میں تسلسل، ادارہ جاتی ہم آہنگی اور سرمایہ کاری تجاویز پر تیز رفتار پیش رفت کے ذریعے ایس آئی ایف سی پاکستان کو معیاری براہِ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کے لیے مزید مسابقتی بنا رہا ہے، جبکہ اس کا مربوط ون ونڈو ماڈل ملکی سرمایہ کاری حکمتِ عملی کی نمایاں خصوصیت بن چکا ہے۔ آج کے عالمی معاشی ماحول میں سرمایہ کاری کی سہولت کاری، مراعات جتنی ہی اہمیت اختیار کر چکی ہے۔ ایس آئی ایف سی نے انتظامی تاخیر کے خاتمے، بین الادارہ جاتی رابطوں کے فروغ اور سرمایہ کار دوست ماحول کی تشکیل کے ذریعے پاکستان میں کاروبار کرنے میں آسانی کو فروغ دیا ہے، جس سے پاکستان کا عالمی تشخص ایک قابلِ اعتماد اور موثر سرمایہ کاری منزل کے طور پر مزید مضبوط ہو رہا ہے۔ استنبول میں منعقدہ پاکستان۔ ترکیہ بزنس کانفرنس محض ایک کاروباری تقریب نہیں بلکہ دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی تعاون، نجی شعبے کی شراکت داری اور طویل المدتی سرمایہ کاری روابط کو نئی جہت دینے کی ایک اہم پیش رفت ثابت ہوئی۔ اس کامیاب کانفرنس کے ذریعے ایس آئی ایف سی نے ایک بار پھر ثابت کیا کہ وہ پاکستان کی اقتصادی سفارت کاری، سرمایہ کاری کے فروغ اور عالمی سرمایہ کاروں کو پاکستان کے اعلیٰ صلاحیت کے حامل شعبوں سے جوڑنے میں مرکزی کردار ادا کر رہا ہے۔ پاکستان پائیدار اقتصادی ترقی کے حصول کے لیے غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ کو اپنی ترجیحات میں شامل کیے ہوئے ہے۔ اس تناظر میں استنبول بزنس کانفرنس نے پاکستان۔ ترکیہ اقتصادی تعلقات کو مزید مضبوط بنیاد فراہم کی ہے، جبکہ ایس آئی ایف سی اپنی موثر سرمایہ کاری سہولت کاری، ادارہ جاتی ہم آہنگی اور سرمایہ کار دوست پالیسیوں کے ذریعے پاکستان کو ایک مضبوط، مسابقتی اور سرمایہ کاری پر مبنی معیشت میں تبدیل کرنے کے سفر میں نمایاں کردار ادا کر رہا ہے۔

امریکہ اور بندوق

عبداللہ طارق سہیل

خبر ہے کہ امریکہ میں ناجائز اور جائز ہتھیاروں کی اتنی بہتات ہوگئی ہے کہ ہتھیاروں کی ''مردم شماری'' لوگوں کی مردم شماری سے بڑھ گئی ہے، اسی لئے امریکہ میں ہر طرف جرائم کی ریل اور مجرموں کی پیل یعنی ملا کر ریل پیل ہے اور انہی کا راج ہے۔ جس کا دل چاہتا ہے اور جب چاہتا ہے، رائفل اٹھا کر دو چار یا آٹھ دس یا حسب توفیق اس سے بھی زیادہ لوگوں کو پھڑکا ڈالتا ہے۔ اور تو اور، چھوٹے بچے جب فیڈر سے دودھ پینے کی عمر سے آگے نکلتے ہیں تو فیڈر چھوڑ کر گن پکڑ لیتے ہیں، جو ہتھے چڑھتا ہے، اسے مار دیتے ہیں۔ اپنے ہی سکول کے کلاس روم کو مقتل بنا دیتے ہیں۔

امریکہ میں تشدد بہت زیادہ ہے اور یہاں امریکہ سے مراد ریاست ہائے متحدہ امریکہ نام کا ملک ہی نہیں ہے بلکہ امریکہ نام کے دونوں براعظم ہیں۔ کینیڈا کو چھوڑ کر کہ بہت ٹھنڈا ملک ہے اور اس ٹھنڈک نے وہاں والوں کا ''ڈی این اے'' تھوڑا بدل ڈالا ہے، باقی ممالک تمام کے تمام دونوں امریکوں کے تشدد سے لبالب یعنی ''سیچو ریٹڈ'' ہیں۔

یہاں بات ریاست ہائے متحدہ امریکہ کی ہو رہی ہے جسے ہمارے ہاں کے پڑھے لکھے حضرات صرف ''سٹیٹس'' کہتے ہیں اور جس کی وجہ یہ ہے کہ ہماری اشرافیہ کے نزدیک دنیا میں ایک ہی ''سٹیٹ'' ہے اور وہ امریکہ ہے اور باقی سب ممالک ''ٹریش'' ہیں۔ ماضی میں اشرافیہ ''یو ایس'' کہا کرتی تھی، اب ترقی کر گئی۔

تو امریکہ کی بات یہ ہے کہ اس کی بنیاد ہی بندوق نے ڈالی۔ بندوق کے زور پر خانہ جنگی لڑی گئی، اس سے پہلے بندوق سے مقامی آبادی کو ''ریڈ انڈین'' کا نام دے کر اس کا صفایا کیا گیا، بندوق کے زور پر ملک کو متحد کیا گیا اور تب سے بندوق اور امریکہ ہم معنے ہیں۔ امریکہ کی سب سے بڑی نشانی سٹیچو آف لبرٹی ہے جس میں ایک دیو قامت محترمہ نے بہت بڑی مشعل اٹھائی ہوئی ہے۔ دور سے دیکھو تو لگتا ہے بہت بڑی بندوق اٹھائی ہوئی ہے۔ بہرحال، ہے تو مشعل، اٹھانے کا انداز البتہ وہی ہے جو بندوق اٹھانے کا ہوتا ہے۔ بندوق سے امریکہ نے جرمنی کو شکست دی اور پھر برطانیہ فرانس کو ٹھڈا مار کر خود سپر پاور بن گیا۔

امریکہ بنیادی طور پر تین نسلوں سے عبارت ہے۔ ایک چٹے اینگلو سیکسن اور تمام کے تمام وہ لوگ ہیں جو برطانیہ کی دنیا بھر کی نوآبادیوں کی جیلوں میں بند سنگین جرائم میں ملوث قیدیوں کی نسل سے ہیں۔ انگریزی سرکار نے دیکھا کہ جیلیں تو انہی لوگوں سے بھر گئیں، سیاسی قیدی یعنی آزادی کا مطالبہ کرنے والوں کو کہاں رکھیں تو اس نے یہ سارے قیدی نکالے اور امریکہ لے جا کر چھوڑ دیئے۔ وہاں پھر ان کی نسل خوب پھلی اور پھولی۔

دوسرا اگر وہ ہسپانوی نژاد لوگوں کا تھا۔ یہ انگریزوں سے پہلے کے آباد تھے۔ انگریزوں نے اپنی کثرت تعداد سے انہیں چند مغربی وسطی ریاستوں تک محدود کر دیا۔

ہسپانوی کلچر کے اجزائے ترکیبی نہیں ہوتے، صرف جزو ترکیبی ہوتا ہے یعنی ایک اکیلا جزو۔ اس جزو کا نام تشدد ہے اور تشدد بھی بلاوجہ کا، بے جواز اور بے معنی، صرف مزا لینے کیلئے تشدد۔ مطلب تشدد برائے تلذذ۔ یہی وجہ ہے کہ ان کا صرف ایک کلچر تہوار ہے۔ جسے بل فائٹنگ کہتے ہیں۔ اس میں بیلوں کو تیر مار مار کر قتل کیا جاتا ہے اور تماشائی لذت کے وفور سے ''ایکس ٹیسی'' میں چلے جاتے ہیں۔ یہی جبلّی تشدد انہوں نے فٹ بال کے کھیل میں ڈال دیا ہے۔ لاطینی امریکہ کے ممالک میں ڈاگ لارڈ ہر طرف قتل عام کے میلے لگاتے نظر آئیں گے۔ کولمبیا سے سپرونک، پنامہ سے کویٹ ریکانک مافیاؤں کا راج ہے۔ مافیائیں ہی وہاں کی ''سپریم جوڈیشن کونسلز'' ہیں اور مافیائیں ہی وہاں کا الیکٹورل بورڈ۔ امریکہ میں سات کروڑ ہسپانوی ہیں۔

دوسروں کو مارتے ہیں کبھی ایک دوسرے کو، کوئی نہ ملے تو اپنے گھوڑے کو مار دیتے ہیں۔ ویسٹرن فلمیں یعنی کاؤبوائے فلمیں آپ نے بھی دیکھی ہوں گی۔

تیسرا بڑا گروہ سیاہ فام آبادی کا ہے۔ سٹریٹ کرائم پر ان کی اجارہ داری ہے۔ کوئی دوسرا سٹریٹ کرائم کرے تو اسے مار دیتے ہیں اور سٹریٹ کرائم کا مطلب ہے، جیب سے بٹوہ نکالا اور گولی مار دی، جیب سے موبائل فون نکالا اور گولی مار دی، جیب سے کچھ بھی نہ نکالا اور گولی مار دی۔

مغربی افریقہ سے غلام بنا کر لائے گئے لوگوں کی نسلوں در نسلوں نے سفید فام لوگوں کے اتنے زیادہ مظالم سہے کہ آزادی ملی یعنی جب غلامی ختم ہوئی تو نسل در نسل چلی آنے والی دکھی یادداشت کا یا کلپ کر کے ''تشدد'' میں ڈھل گئی۔

سیاہ فام لوگوں کا سرتال بھی اکیلے تشدد کے راگ پر مشتمل ہے۔ بہت بڑے بڑے ڈھول بہت بڑے بڑے ہتھوڑا نما اوزاروں سے پیٹے جاتے ہیں۔ یعنی مار پیٹ ہی ان کا گیت سنگیت ہے۔

اسلام میں کسی کو بھی آگ کا عذاب دینا حرام اور کبیرہ گناہ ہے، آگ کا عذاب دے کر مارنا اس سے بھی بڑا گناہ۔ بندوق، پستول، توپ، راکٹ، ڈرون، میزائل، بم اور ایٹم بم چنانچہ بنانا، رکھنا، خریدنا چلانا، بیچنا سب حرام ہے، حرام بھی اولیٰ درجے میں،

لیکن نظام اسباب قدرت اور تاریخ کے گھن چکرّی چکرّ کا کیا کیجئے، دشمن کے پاس یہ حرام ہتھیار ہوں تو بچاؤ کے لئے پھر یہ حرام بھی حلال بلکہ واجب ہو جاتا ہے، چنانچہ مغرب نے ایٹم بم بنایا تو چین نے بھی بنایا، بھارت نے بنایا تو ہمیں بھی بنانا پڑا۔

یعنی مجبوری ہے لیکن جو لوگ بنا مجبوری کے یہ تھیار چلاتے ہیں، انسانوں پر بھی، جانوروں اور پرندوں پر بھی اور ان کی جان لیتے ہیں تو۔ انشاء اللہ۔ دوزخ کے سب سے پہلے الاٹی وہی ہوں گے اور دوزخ کو ابدالآباد تک آباد رکھیں گے۔ گوجرانوالہ کے چڑی مار اور چڑی خور بھی نوٹ فرمالیں۔

ہارڈ بال نے بیانیہ بدل دیا (حصہ اول)

محمد اکرم چوہدری

تاریخ گواہ ہے کہ ریاستوں کی طاقت صرف ان کے ہتھیاروں، معیشت یا سفارتی تعلقات سے نہیں ناپی جاتی بلکہ ان کی اصل قوت اس اعتماد میں پوشیدہ ہوتی ہے جو دنیا ان کے اداروں، عدالتی نظام اور قانون کی حکمرانی پر کرتی ہے۔ بعض اوقات ایک جنگ برسوں کی سفارتی محنت کو متاثر نہیں کرتی، لیکن کسی دوسرے ملک کی عدالت میں پیش ہونے والی ایک فردِ جرم، کسی بین الاقوامی تحقیقاتی ادارے کی رپورٹ یا کسی مشترکہ قانون نافذ کرنے والے آپریشن کی تفصیلات، ایک ریاست کے برسوں سے قائم کردہ بیانیے کو ہلا کر رکھ دیتی ہیں

(1)

گلگت بلتستان کی اسمبلی کے ممبران نے ملاقات کی۔ ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ گلگت بلتستان کے عوام نے ہمیشہ پاکستان سے اپنی محبت، وفاداری اور قومی یکجہتی کا عملی ثبوت دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ آپ عوام کے منتخب نمائندے ہیں،آپ کے ذریعے عوام کی توقعات، مسائل اور ترجیحات سے براہِ راست آگاہی حاصل ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا تعلق کسی بھی سیاسی جماعت سے ہو، ہمارا مقصد صرف اور صرف عوام کی خدمت اور ان کی زندگی میں آسانیاں پیدا کرنا ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ گلگت بلتستان کی تعمیر وترقی وفاقی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے،علاقے میں بنیادی ڈھانچے، مواصلات، توانائی، تعلیم، صحت، سیاحت اور روزگار کے مواقع بڑھانے پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ گلگت بلتستان کے قدرتی وسائل، سیاحتی مقامات اور معدنی ذخائر کو بروئے کار لا کر مقامی معیشت کو مزید مضبوط بنایا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو معیاری تعلیم، جدید فنی تربیت اور باعزت روزگار کی فراہمی حکومت کی اہم ترجیح ہے تاکہ وہ قومی ترقی میں بھرپور کردار ادا کرسکیں۔وزیراعظم نے کہا کہ گلگت بلتستان میں چار دانش سکول تعمیر کے آخری مراحل میں ہیں، اگلے سال سے ان میں کلاسز شروع ہو جائیں گی،اسکے علاوہ شمسی توانائی سے 100 میگا واٹ بجلی پیدا کرنے کے منصوبہ پر کام تیزی سے جاری ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ وفاقی حکومت گلگت بلتستان میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ گلگت بلتستان میں موسمیاتی تبدیلی اور گلاف کے حوالے سے پیشگی اطلاع کا نظام بھی نصب کیا گیا ہے تاکہ مقامی لوگوں کو بروقت اطلاع فراہم کی جاسکے اور موسمی حالات کے نامصائب صورتحال کا مقابلہ کیا جاسکے۔وزیر اعظم نے کہا کہ عوام کو درپیش مسائل کے حل، بہتر طرزِ حکمرانی اور شفافیت کے فروغ کے لیے وفاقی اور مقامی قیادت کے درمیان مؤثر رابطہ ناگزیر ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ آپ کی تجاویز اور سفارشات ہمارے لیے اہم ہیں،گلگت بلتستان کے عوام کی فلاح وبہبود کے لیے ہم مل کر کام کریں گے انہوں نے کہا کہ تمام ممبران اسمبلی میں تعمیری کردار ادا کریں۔وزیراعظم نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ہم سب کی مشترکہ کوششوں سے گلگت بلتستان کو ترقی، خوشحالی اور پائیدار استحکام کی نئی منزلوں تک پہنچائیں گے۔اس موقع پر وزیراعظم نے نائب وزیراعظم ووزیر خارجہ اسحاق ڈار کی زیر صدارت کمیٹی کی تشکیل کی ہدایت کی ہے جو ان ممبران اسمبلی کی جانب سے دی گئی قابل عمل تجاویز کا جائزہ لے کر رپورٹ پیش کرے گی۔ کمیٹی کے دیگر ممبران میں وزیر برائے امور گلگت بلتستان و کشمیر امیر مقام اور وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی وعوامی امور رانا ثناء اللہ شامل ہیں۔ملاقات میں نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ، وزیر برائے امور گلگت بلتستان وکشمیر امیر مقام اور وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی وعوامی امور رانا ثناء اللہ شریک تھے۔

(2)

دھرنا کمیٹی کے ساتھ مسلسل رابطے میں تھے اور مسئلے کے پرامن، باوقار اور دیرپا حل کے لیے ہر ممکن کوشش کرتے رہے۔ انہوں نے کہا کہ متاثرہ خاندانوں اور ان کے بزرگوں سے ان کا باہمی عزت واحترام پر مبنی دیرینہ تعلق ہے جو آئندہ بھی برقرار رہے گا۔انہوں نے کہا کہ وہ ہمیشہ اپنی عوام کے شانہ بشانہ کھڑے رہے ہیں اور مستقبل میں بھی عوام کی خدمت اور ان کے مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن کردار ادا کرتے رہیں گے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گرد نہتے اور بے گناہ شہریوں کو بے دردی سے شہید کرتے، خاندانوں کو اجاڑتے اور معصوم بچوں کو یتیم کرتے ہیں، جبکہ ساتھ ہی ریاستی اداروں کے خلاف جھوٹا اور گمراہ کن پروپیگنڈا کرکے عوام اور ریاست کے درمیان بداعتمادی پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ یہی ریاستی ادارے عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے ہر روز اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اسی وقت پاکستان کے بہادر جوان وطن کے دفاع میں عظیم قربانیاں دے رہے ہیں۔لسبیلہ میں شہید ہونے والے پاک فوج کے جوان بھی کسی کے بیٹے، کسی کے شوہر اور کسی خاندان کی امید تھے، جنہوں نے بلوچستان اور پاکستان کے امن، عوام کے تحفظ اور آنے والی نسلوں کے محفوظ مستقبل کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ پاکستان کے خلاف بین الاقوامی سطح پر مختلف سازشیں کی جارہی ہیں۔ ایک سازش دہشت گردی، تشدد اور قتل و غارت کے ذریعے ملک کو غیر مستحکم کرنا ہے جبکہ دوسری سازش انہی جرائم کا الزام ریاستی اداروں پر عائد کرکے عوام کو گمراہ کرنا ہے۔انہوں نے عوام پر زور دیا کہ وہ دشمن کے جھوٹے بیانیے اور منفی پروپیگنڈے سے مکمل طور پر ہوشیار رہیں اور کسی بھی ایسی مہم کا حصہ نہ بنیں جس کا مقصد قومی اداروں کو کمزور کرنا ہو۔وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ اگر حکومت کی جانب سے کسی بھی سطح پر کوئی کوتاہی یا غلطی ہوئی ہے تو اسے تسلیم کرتے ہوئے اس کا ازالہ کیا جائے گا اور متاثرہ خاندانوں کی ہر ممکن دادرسی یقینی بنائی جائے گی۔ میر سرفراز بگٹی نے بتایا کہ بلوچستان اپیکس کمیٹی کے اجلاس میں وزیراعظم پاکستان اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی موجودگی میں اہم فیصلے کیے گئے ہیں جن پر مکمل عمل درآمد یقینی بنایا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ بطور وزیراعلیٰ بلوچستان اور چیف آف بگٹی وہ متاثرہ خاندانوں سے کیے گئے تمام وعدوں کی تکمیل کے پابند ہیں۔انہوں نے اعلان کیا کہ شہداء کے ورثاء کو مالی معاوضہ فراہم کیا جائے گا،اہل خانہ کو سرکاری ملازمتیں دی جائیں گی جبکہ شہداء کے بچوں کی تعلیم کے تمام اخراجات حکومت بلوچستان برداشت کرے گی۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام محبِ وطن ہیں اور ریاست دشمن عناصر کی سازشوں کو ناکام بنانا حکومت، عوام اور تمام ریاستی اداروں کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ اور صوبے میں پائیدار امن کے قیام کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی۔معاون وزیراعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات وسیاسی امور شاہد رند کے مطابق دھرنا کمیٹی کے ساتھ ہونے والے مذاکرات کامیاب رہے،جس کے بعد دھرنا کمیٹی اور شہداء کے لواحقین نے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی یقین دہانیوں پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے دھرنا ختم کرنے کا اعلان کردیا۔

(3)

پی صدر کوہاٹ آپریشن کے دوران موقع پر موجود رہے۔

(4)

داخلہ محسن نقوی نے 4 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر پولیس کی پیشہ وارانہ مہارت کو سراہا۔محسن نقوی نے کہا کہ خیبر پختونخوا پولیس نے ایک بار پھر بھارتی سپانسرڈ دہشتگردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا۔انہوں نے کہا کہ کامیاب انٹیلی جنس آپریشن پر پولیس کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں،دہشت گردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے لیے فورسز پرعزم ہیں۔

(5)

جمہوری اقدار، قومی حقوق اور عوامی بالادستی کے لیے وقف کر دی۔ ان کی جدوجہد، فکر اور سیاسی بصیرت آج بھی بلوچ قومی سیاست کے لیے مشعلِ راہ کی حیثیت رکھتی ہے۔اپنے بیان میں میر رحمت صالح بلوچ نے کہا کہ شہید مولا بخش دشتی کی

سیاست کا بنیادی مقصد عوام کو بااختیار بنانا،نوجوان نسل میں سیاسی شعور پیدا کرنا اور قومی تحریک کو منظم، پرامن اور جمہوری بنیادوں پر استوار کرنا تھا۔

(6)

سے ملاقاتیں کیں اور انہیں اپنی جماعت کے منشورِ آئندہ کے لائحہ عمل اور انتخابی ترجیحات سے آگاہ کیا۔اس موقع پر مختلف علاقوں کے کشمیری عمائدین سماجی شخصیات اور عوام نے محمد طاہر کھوکھر کا پرتپاک استقبال کیا اور ان کی سیاسی جدوجہد کو سراہتے ہوئے بھرپور تعاون اور حمایت کی یقین دہانی کرائی ملاقاتوں کے دوران عوام نے اپنے مسائل اور مطالبات بھی ان کے سامنے رکھے جنھیں محمد طاہر کھوکھر نے ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کا عزم ظاہر کیا۔محمد طاہر کھوکھر نے کہا کہ کشمیری مہاجرین کی شناخت حقوق اور وقار کے تحفظ کے لیے انہوں نے ہر سطح پر آواز بلند کی ہے جب کشمیری مہاجرین کی شناخت کا مسئلہ درپیش تھا تو بہت سے نام نہاد اور مفاد پرست رہنما خاموش تماشائی بنے رہے لیکن انہوں نے ہر فورم پر مہاجرین کشمیر کے آئینی قانونی اور جمہوری حقوق کا بھرپور دفاع کیا اور ان کے مؤقف کو مؤثر انداز میں اجاگر کیا۔انہوں نے کہا کہ وہ کشمیری مہاجرین کے مسائل مشکلات اور احساسات سے بخوبی آگاہ ہیں عوام ووٹ دیں اور کامیاب کروائیں مہاجرین کے بنیادی مسائل کے مستقل حل کے لیے مؤثر قانون سازی،بہتر پالیسی سازی اور عملی اقدامات کو یقینی بنائیں گے تاکہ انہیں درپیش مشکلات کا دیرپا خاتمہ ممکن بنایا جاسکے۔طاہر کھوکھر نے کہا کہ ان کی سیاست کا مقصد عوام کی خدمت مہاجرین کے حقوق کا تحفظ اور نوجوان نسل کے بہتر مستقبل کی ضمانت ہے کشمیری مہاجرین کی عزت شناخت اور فلاح وبہبود ان کی اولین ہے ہر سطح پر ان کے حقوق کے لیے آواز بلند کرتے رہیں گے۔انہوں نے انتخابی مہم کے دوران ملنے والی عوامی پذیرائی محبت اور اعتماد پر کشمیری مہاجرین اور ووٹرز کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہ عوام کی توقعات پر پورا اترنے کی ہر ممکن کوشش کریں گے کسی کو مایوس نہیں کریں گے کشمیری مہاجرین کے حقوق فلاح اور ترقی کے لیے بھرپور کردار ادا کریں گے اور ان کے اعتماد کو کبھی ٹھیس نہیں پہنچنے دیں گے۔

(7)

سے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے ملاقات کی جس میں پاور سیکٹر میں جاری اصلاحات، بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی کارکردگی، توانائی کے شعبے کی مالی بہتری، ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ترجمان پاور ڈویژن کے مطابق یہاں وزارت توانائی میں ملاقات کے دوران وفاقی وزیر نے گورنر خیبر پختونخوا کو پاور سیکٹر میں جاری جامع اصلاحات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ گزشتہ دو برسوں کے دوران حکومت نے شعبہ توانائی کو مالی، انتظامی اور تکنیکی بنیادوں پر مستحکم بنانے کے لیے متعدد اہم اقدامات کیے ہیں۔ اس کے نتیجے میں تقسیم کار کمپنیوں کی کارکردگی میں نمایاں بہتری آئی، لائن لاسز اور مالی خسارے میں خاطر خواہ کمی واقع ہوئی جبکہ گردشی قرضے میں تقریباً 780 ارب روپے کی کمی لائی جا چکی ہے۔سردار اویس احمد خاں لغاری نے بتایا کہ اضافی پیداواری صلاحیت کے چیلنج سے نمٹنے کے بعد حکومت اب روایتی بجلی خریداری کے نظام سے آگے بڑھتے ہوئے مسابقتی بجلی مارکیٹ کے قیام کی جانب تیزی سے پیش رفت کررہی ہے جہاں کاروباری اداروں کے درمیان براہ راست بجلی کی خرید وفروخت ممکن ہوگی۔انہوں نے بتایا کہ نجکاری پروگرام کے پہلے مرحلے میں تین بجلی تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری کا عمل شروع کر دیا گیا ہے جبکہ دیگر تقسیم کار کمپنیوں کو بھی مرحلہ وار اس پروگرام میں شامل کیا جائے گا۔ وفاقی وزیر نے گورنر خیبر پختونخوا کو اوٹرا سمیشن نظام کی بہتری کے لیے جاری اقدامات سے بھی آگاہ کیا۔انہوں نے بتایا کہ حکومت قومی گرڈ کی ڈیجیٹائزیشن،ٹرانسمیشن نظام کی استعداد میں اضافے، بیٹری انرجی سٹوریج سسٹمز اور ایڈوانسڈ میٹرنگ انفراسٹرکچر کے فروغ پر کام کررہی ہے۔انہوں نے بتایا کہ ملک بھر میں تقریباً 1 کروڑ 60 لاکھ بجلی کے میٹروں کو مرحلہ وار ڈیجیٹل نظام پر منتقل کیا جارہا ہے۔وفاقی وزیر نے کہا کہ اے پی ایم ایس کے تحت ٹرانسفارمر کی سطح پر لوڈ مینجمنٹ کا نظام متعارف کرایا جا رہا ہے تاکہ پورے گرڈ یا فیڈرز کی بندش کے بجائے ضرورت کے مطابق محدود سطح پر لوڈ مینجمنٹ کے ذریعے صارفین کو زیادہ سے زیادہ بلاتعطل بجلی کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے پاور سیکٹر میں جاری اصلاحات اور توانائی کے شعبے کی بہتری کے لیے حکومتی اقدامات کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ ان کے مثبت نتائج عوام اور قومی معیشت تک پہنچیں گے۔ ملاقات کے دوران ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال، عوامی فلاح وبہبود سے متعلق امور اور باہمی دلچسپی کے مختلف معاملات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ قومی ترقی، معاشی استحکام اور عوام کو بہتر خدمات کی فراہمی کے لیے وفاق اور صوبوں کے درمیان مؤثر تعاون ناگزیر ہے۔

(8)

(سیکریز اینڈ الاؤنسز) ترمیمی ایکٹ 2026 پیش کیا گیا۔بل کے مطابق سابق اراکینِ پارلیمنٹ کو مفت آفیشل (بلیو) پاسپورٹ کا حقدار بنایا جائے گا، سابق ارکان پارلیمنٹ کے شریکِ حیات اور 28 سال سے کم عمر زیرِ کفالت بچے مفت بلیو پاسپورٹ حاصل کرسکیں گے۔بل کے مطابق ریٹائرڈ وفاقی سیکرٹریز اور ان کی فیملیز کو یہ سہولت پہلے سے حاصل ہے، سابق اراکینِ پارلیمنٹ کو بھی ریٹائرڈ وفاقی سیکریٹریز کے مساوی لایا جائے۔

(9)

نے قرار دیا کہ غیر قانونی تعمیرات کے خلاف کارروائی کا اختیار بنیادی طور پر صوبائی حکومت کا ہے، عدلیہ کا نہیں۔ عدالتیں اپنے سامنے موجود تنازع حد سے محدود رہیں، غیر ضروری معاملات میں مداخلت نہ کریں۔وفاقی آئینی عدالت نے فیصلے میں کہا کہ سپریم کورٹ نے زیرِ سماعت مقدمے سے آگے بڑھ کر وسیع احکامات جاری کیے۔سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی کی ریولوشن کی بنیاد پر قانونی تقاضے پورے کیے بغیر مسماری کے احکامات نہیں دیے جاسکتے۔ منصفانہ قانونی کارروائی (ڈیو پروسیس) ہر مقدمے میں لازمی آئینی تقاضا ہے۔مزید یہ کہ عدالت کا مقصد غیر قانونی تعمیرات کو قانونی تحفظ دینا نہیں،صرف قانون کے مطابق کارروائی کو یقینی بنانا ہے۔ عدالت کے مطابق کراچی میں غیر قانونی تعمیرات سے نمٹنے کے لیے مؤثر قانونی نظام اور متعلقہ ادارے پہلے سے موجود ہیں۔سندھ حکومت اور متعلقہ ادارے غیر قانونی تعمیرات کی نگرانی اور کارروائی کے آئینی و قانونی طور پر پابند ہیں۔فیصلے میں کہا گیا ہے کہ وفاقی آئینی عدالت نے 21 دسمبر 2018 اور 22 جنوری 2019 کے سپریم کورٹ کے احکامات اور ان کے تحت ہونے والی کارروائیاں واپس لے لیں۔فیصلے میں جسٹس سید ارشد حسین شاہ نے اضافی نوٹ میں لکھا کہ شہریوں کے بنیادی حقوق اور عوامی سہولیات کا تحفظ ریاست کی اولین ذمہ داری ہے۔ پارکس، کھیل کے میدان، گرین بیلٹس، فٹ پاتھ، ساحل اور دیگر عوامی مقامات کو غیر قانونی قبضوں اور تبدیلیوں سے محفوظ رکھا جائے۔

(10)

شعبے میں تیزی سے ترقی کے باعث عالمی مارکیٹ میں نئے مواقع پیدا ہورہے ہیں۔پاکستان کا بزنس پروسیس آؤٹ سورسنگ (بی پی او) شعبہ تیزی سے ترقی کرنے والی آئی ٹی برآمدی صنعتوں میں شامل ہوگیا ہے، مالی سال 26-2025 کے پہلے 11 ماہ میں بی پی او اور کال سینٹرز کی برآمدی آمدنی 300 ملین ڈالر سے تجاوز کرگئی ہے۔اسٹیٹ بینک کے مطابق جولائی تا مئی کے دوران کال سینٹرز کی برآمدات 269 ملین ڈالر سے بڑھ کر 322 ملین ڈالر تک پہنچ گئیں،کال سینٹر برآمدات میں ایک سال کے دوران 19 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا جو عالمی طلب میں اضافے کی عکاسی کرتا ہے،اے آئی ٹیکنالوجی نے کسٹمر سپورٹ آپریشنز کو مزید مؤثر بنا کر پاکستانی سروس فراہم کنندگان عالمی سطح پر مسابقتی بن رہے ہیں،اے آئی پر مبنی جدید حل خودکاری، تیز رفتار صارف خدمات اور ڈیٹا اینالیٹکس کے ذریعے آؤٹ سورسنگ صنعت میں نمایاں تبدیلی لا رہے ہیں پاکستان کے تقریباً 90 فیصد کال سینٹرز اور بی پی او کمپنیاں بیرون ملک صارفین کو خدمات فراہم کرکے زرمبادلہ کمارہی ہیں ،بہتر ڈیجیٹل انفراسٹرکچر، پالیسی سپورٹ اور ہنرمند افرادی قوت کی ترقی سے 'بی پی او' شعبہ نوجوانوں کے لیے روزگار پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے،بہتر ٹیکنالوجی، ہنرمند افرادی قوت اور ڈیجیٹل انفراسٹرکچر کے ذریعے پاکستان عالمی آئی ٹی معیشت میں اپنی جگہ مستحکم کررہا ہے۔

(11)

آہنگی، بین الپارلیمانی سفارت کاری، تجارت، سرمایہ کاری اور خطے کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔سینیٹ سیکرٹریٹ کے مطابق چیئرمین سینیٹ نے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان،سعودی عرب کے ساتھ اپنے تاریخی، برادرانہ، مذہبی اور ثقافتی تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتا ہے۔انہوں نے کہا کہ سعودی عرب نے ہمیشہ ہر مشکل گھڑی میں پاکستان کا بھرپور ساتھ دیا اور دونوں ممالک کے تعلقات باہمی اعتماد، مشترکہ عقیدے اور دیرینہ تعاون پر استوار ہیں، جو وقت کے ساتھ مزید مضبوط ہورہے ہیں۔

(12)

پاسداری کے لیے پاکستان کے پائیدار عزم کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے عالمی امن، سلامتی اور خوشحالی کے فروغ کے لیے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں پر مؤثر اور عمل عملدرآمد، بین الاقوامی قانون اور عالمی معاہدوں کے احترام کو ناگزیر قرار دیا۔وزیراعظم نے اقوام متحدہ کے تین بنیادی ستونوں، یعنی امن وسلامتی، ترقی اور انسانی حقوق، میں متوازن پیش رفت کی ضرورت پر زور دیا۔انہوں نے بالخصوص عالمی ترقیاتی ایجنڈے پر مؤثر عملدرآمد اور ترقی پذیر ممالک کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے بین الاقوامی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کی اہمیت اجاگر کی۔محترمہ ریڈیکا گریفیتھس نے اقوام متحدہ میں پاکستان کے دیرینہ اور قابلِ قدر کردار کو سراہا اور حالیہ علاقائی امن کے فروغ کے لیے پاکستان کی تعمیری کوششوں کی بھی تعریف کی۔

(13)

ڈالر کی منظوری دی ہے اور یہ فنڈ بجلی کی ترسیل کے نظام کو جدید بنانے کے لیے استعمال ہوں گے۔رپورٹ کے مطابق فنڈ کی مدد سے ہوا سے پیدا ہونے والی 640 میگاواٹ بجلی بحال ہوگی جبکہ نئے انفرااسٹرکچر کو شدید سیلاب اور گرمی سے محفوظ بنایا جاسکیگا۔حکام کے مطابق منصوبے سے بجلی کی مقامی بندش کو کم کرنے میں مدد ملے گی۔

(14)

بنیادی طور پر صوبائی حکومت کا ہے، عدلیہ کا نہیں، عدالتیں اپنے سامنے موجود تنازع تک محدود رہیں، غیر ضروری معاملات میں مداخلت نہ کریں۔فیصلے میں کہا گیا کہ سپریم کورٹ نے زیرِ سماعت مقدمے سے آگے بڑھ کر وسیع احکامات جاری کیے،سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی کی ریولوشن کی بنیاد پر قانونی تقاضے پورے کیے بغیر مسماری کے احکامات نہیں دیے جاسکتے۔آئینی عدالت نے اپنے فیصلے میں لکھا کہ منصفانہ قانونی کارروائی (ڈیو پروسیس) ہر مقدمے میں لازمی آئینی تقاضا ہے، عدالت کا مقصد غیر قانونی تعمیرات کو قانونی تحفظ دینا نہیں بلکہ عدالت کا مقصد صرف قانون کے مطابق کارروائی کو یقینی بنانا ہے۔وفاقی آئینی عدالت نے کہا کہ کراچی میں غیر قانونی تعمیرات سے نمٹنے کے لیے مؤثر قانونی نظام اور متعلقہ ادارے پہلے سے موجود ہیں، سندھ حکومت اور متعلقہ ادارے غیر قانونی تعمیرات کی نگرانی اور کارروائی کے آئینی و قانونی طور پر پابند ہیں۔آئینی عدالت نے 21 دسمبر 2018 اور 22 جنوری 2019 کے سپریم کورٹ کے احکامات اور ان کے تحت ہونے والی کارروائیاں واپس لے لیں۔جسٹس سید ارشد حسین شاہ نے فیصلے میں اضافی نوٹ بھی لکھا جس میں انہوں نے کہا کہ شہریوں کے بنیادی حقوق اور عوامی سہولیات کا تحفظ ریاست کی اولین ذمہ داری ہے، پارکس، کھیل کے میدان، گرین بیلٹس، فٹ پاتھ، ساحل اور دیگر عوامی مقامات کو تبدیلیوں سے محفوظ رکھا جائے۔

(15)

آزاد امیدواروں کی پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت اور جاوید اقبال بڈھانوی کی حمایت کے اعلان کے بعد حلقے کی سیاسی فضا میں تبدیلی جاوید اقبال بڈھانوی کی انتخابی پوزیشن کو مزید مستحکم کردیا ہے۔اس موقع پر پیپلز پارٹی میں شامل ہونے والے آزاد امیدواروں، معززین اور عوامی وفود نے اپنے خطاب میں کہا کہ جاوید اقبال بڈھانوی نے ہمیشہ ذاتی یا گروہی مفادات کے بجائے عوامی خدمت کو ترجیح دی ہے انہوں نے کیلال کے عوام کے مسائل کو نہ صرف اپوانوں میں مؤثر انداز میں اجاگر کیا بلکہ عملی طور پر بھی متعدد ترقیاتی منصوبے مکمل کروا کر عوام سے کیے گئے وعدوں کی پاسداری کی علاقے میں سڑکوں کی تعمیر ومرمت، تعلیمی اداروں کی بہتری، فنی وتکنیکی تعلیم کے فروغ، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور دیگر ترقیاتی منصوبوں نے عوام کا اعتماد مزید مضبوط کیا ہے جاوید اقبال بڈھانوی ہر وقت عوام کے درمیان موجود رہتے ہیں اور بلا امتیاز ہر شخص کے مسائل کے حل کے لیے اپنی بھرپور صلاحیتیں بروئے کار لاتے ہیں انتخابات میں جاوید اقبال بڈھانوی کو بھرپور عوامی حمایت حاصل ہوگی اور وہ بھاری اکثریت سے کامیاب ہوں گے۔وزیر خوراک، ٹیکنیکل ایجوکیشن ٹیوٹا و کے ڈی اے جاوید اقبال بڈھانوی نے کہا کہ پیپلز پارٹی میں شامل ہونے والے تمام رہنماؤں، کارکنوں، نوجوانوں، خواتین، عمائدین اور آزاد امیدواروں کو دلی مبارکباد اور خوش آمدید کہا انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی ایک عوامی جماعت ہے جس میں ہر برادری ہر طبقے اور ہر علاقے کے لوگوں کو عزت اور احترام حاصل ہے جماعت میں شامل ہونے والے تمام ساتھی ہمارا قیمتی سرمایہ ہیں انہیں ان کا جائز مقام دیا جائے گا اور کسی کو بھی مایوس نہیں کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ ہماری سیاست کا مقصد عوام کی خدمت کرنا علاقے کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا اور لوگوں کے معیارِ زندگی کو بہتر بنانا ہے کیلال کی تعمیر وترقی نوجوانوں کو روزگار کے بہتر مواقع فراہم کرنے فنی وتکنیکی تعلیم کے فروغ بنیادی انفرااسٹرکچر کی بہتری، صحت اور تعلیم کی سہولیات میں اضافے سمیت عوامی مسائل کے مستقل حل کے لیے ہم سب کو مل کر کام کریں گے۔جاوید اقبال بڈھانوی نے کہا کہ عوام کے اعتماد کو اپنی سب سے بڑی طاقت سمجھتے ہیں اور انشاء اللہ مستقبل میں بھی عوامی خدمت کا یہ سفر اسی جذبے اور خلوص کے ساتھ جاری رکھا جائے گا نکیال کے ہر گاؤں، ہر محلے اور ہر برادری کو ترقی کے یکساں مواقع فراہم کیے جائیں گے اور کسی بھی علاقے کو ترقیاتی عمل سے محروم نہیں رہنے دیا جائے گا۔

(16)

زخمی ہوئے تھے۔دوسری جانب کوئٹہ کے علاقے ہنہ اوڑک کی کلی ہبری سے اغوا کیے گئے 11 افراد بازیاب ہوگئے ہیں۔ادھر ماٹلی ڈیم حملے کے 7 شہدا کے لواحقین کا میتوں کے ساتھ کوئٹہ میں کوئلہ پھاٹک کے مقام پر دھرنا جاری تھا جبکہ زیارت میں بھی ڈپٹی کمشنر پیلیکس کے باہر متاثرہ خاندانوں کا دھرنا چوتھے روز میں داخل ہوگیا ہے۔لواحقین کی جانب سے دہشت گردی کے واقعے میں ملوث عناصر کو کیفرِ کردار تک پہنچانے کا مطالبہ کیا گیا ہے ماٹلی ڈیم حملے میں شہید ہونے والے 14 پولیس اہلکاروں کی نمازِ جنازہ ادا کرنے کے بعد شہدا کو سرکاری اعزاز کے ساتھ سپردِ خاک کردیا گیا۔

(17)

جن میں سے صرف 18 مقامات کی سیٹلائٹ تصاویر حاصل کی جاسکی ہیں جبکہ پنجاب نے 2737 مقامات رپورٹ کیے ہیں۔چیئرمین لیٹی نے سیلاب کی پیش گوئی اور دریائی نظم ونسق میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں دریائے چناب پر واٹر اسٹور بجز کی تعمیرات سے متعلق خصوصی اجلاس بلایا جائے، انڈس واٹر ٹریٹی کے تناظر میں مستقبل کے آبی ذخائر کی تعمیر اور قومی آبی سلامتی کے مضمرات پر لیٹی کے خصوصی اجلاس میں انڈس واٹر کمشنر، وزارت خارجہ، عالمی بینک، این ڈی ایم اے اور فیڈرل فلڈ کمیشن کو بھی بلایا جائے۔رکن لیٹی خلیل طاہر نے دریائے راوی میں تجاوزات سے متعلق سوال اٹھایا کہ گزشتہ سال راوی میں سیلاب سے اربوں کا نقصان ہوا تھا،اس پر چیف انجینئر پنجاب نے بتایا کہ دریائے راوی سے آبادیاں ہٹادی گئی ہیں۔چیئرمین لیٹی نے کہا لیٹی کو دریائے راوی میں تجاوزات ہٹانے سے متعلق معلومات درست ہونی چاہئیں، کچھ چھپایا نہ جائے معلومات غلط ثابت ہوئیں تو معاملہ استحقاق لیٹی کو بھیج سکتے ہیں۔چیئرمین واپڈا محمد سعید نے کہا کہ پاکستان پانی کی قلت کا شکار ہے، پاکستان کو پانی کی سیکورٹی کیلئے سنجیدہ کوششوں کی ضرورت ہے، پاکستان نے تربیلا منگلا کے بعد ایک بھی بڑا ڈیم نہ بنایا جبکہ بھارت نے 5 ہزار ڈیم بنائے۔انہوں نے کہا کہ نیلم جہلم پن بجلی منصوبہ بند پڑا ہے، منصوبے پر الٹوائریز چل رہی ہیں، امید ہے مارچ 2028 تک منصوبہ دوبارہ بحال کرلیں گے۔انہوں نے کہا کہ سندھ میں نئی گاج ڈیم کا معاملہ عدالت میں ہے، اس پر کام رکا ہوا ہے، نئی گاج ڈیم سے دادو اور سیون میں سیلاب رک سکے گا، 28 ہزار ایکڑ اراضی کاشت ہوسکے گی، ڈیم پر 23 ارب روپے خرچ ہوچکے، نئی گاج ڈیم کے کنٹریکٹر نے جعلی بینک گارنٹی جمع کرائی تھی، معاہدہ منسوخ کردیا تھا۔

(18)

دوسرا زخمی ہوگیا پولیس نے نعش اور زخمی کو ہسپتال پہنچادیا اور مزید کارروائی شروع کردی

(19)

ایک بیان میں بتایا ہے کہ ایران کی جانب سے امداد بھیجی گئی ہے، ایران نے وینزویلا کے ساتھ اظہار یکجہتی کا پیغام بھی دیا ہے۔وینزویلا کے حکام نے امداد بھیجنے پر ایرانی حکام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات اور دوستی ہر گزرتے دن کے ساتھ مزید مضبوط ہوتی جارہی ہے۔

(20)

ثابت کیا ہے کہ ہماری سکیورٹی فورسز ہر خطرے سے نمٹنے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کے خلاف پراکسی عناصر کو استعمال کرنے والے اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوں گے، قومی عزم ہر سازش سے زیادہ مضبوط ہے۔انہوں نے کہا کہ بھارت اور کچھ دیگر ممالک کے پاکستان دشمن عناصر اور ادارے پاکستان کی حالیہ سفارتی کامیابیوں کو داغدار کرنے کیلئے کچھ ملک دشمن عناصر کو کرائے کے قاتلوں کے طور پر استعمال کر کے ہمارے حوصلے پست کرنا چاہتے ہیں۔صدر مملکت نے کہا کہ ہم پاکستان کی حالیہ کامیابیوں کو منطقی نتیجہ پر پہنچائیں گے اور دہشت گردی کو بھی عوام کی مدد سے شکست دیں گے اور وطن کے دفاع پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ریاست دہشت گردی کے ناسور کو ہر قیمت پر شکست دے گی۔

(21)

کے مختلف اضلاع، جن میں جس ژوب، جعفر آباد، بیلہ، ڈیرہ مراد جمالی، لسبیلہ اور اوستہ محمد شامل ہیں، احتجاجی مظاہرے، ریلیاں اور جلسے منعقد کیے گئے۔مقررین نے کہا کہ عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں نمایاں کمی کے باوجود حکومت عوام کو ریلیف دینے کے بجائے پٹرولیم لیوی کے ذریعے اضافی بوجھ ڈال رہی ہے۔کرایوں واشیائے خوردونوش کی قیمتوں کمی کے بجائے اضافہ کیا گیا ہے ٹرانسپورٹ کرایے بھی کم نہیں ہورہے۔پٹرول فی لیٹر 225 روپے 3 سال کیلئے منجمد کیے جائے۔پٹرولیم لیوی ظالمانہ ٹیکس اس کے فوری خاتمہ اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں نمایاں کمی جائے۔انہوں نے کہا کہ مہنگائی، ایندھن کی قیمتوں، ٹرانسپورٹ کرایوں اور نئے ٹیکسوں نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے، جبکہ بلوچستان کے عوام پہلے ہی بدامنی اور پسماندگی جیسے سنگین مسائل کا سامنا کررہے ہیں۔مقررین

وزیراعظم کا پاک فوج، ایف سی اور بلوچستان پولیس کے آپریشن شعبان کی کامیابی پر سکیورٹی فورسز کو زبردست خراج تحسین

فتنہ الخوارج کے خلاف گرینڈ آپریشن میں دہشت گردوں کو ہلاک کرنا فورسز کی اعلیٰ پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے منگی ڈیم پولیس سٹیشن واقعے کے بعد پاک فوج، ایف سی اور بلوچستان پولیس کے آپریشن شعبان کی کامیابی پر سکیورٹی فورسز کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ فتنہ الخوارج کے خلاف گرینڈ آپریشن میں دہشت گردوں کو ہلاک کرنا فورسز کی اعلیٰ پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ جمعہ کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم (بقیہ 29 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ ایئرپورٹ روڈ پر نیا ایل او سی ایس کیمپس اگلے سال فعال ہوجائے گا، ممتاز ماہر تعلیم

کوئٹہ (این این آئی) ممتاز ماہر تعلیم و لیڈر زاوڈیسی اسکول اینڈ کالج (LOCS) کے سی ای او زاہد جان مندوخیل نے کہا ہے کہ کوئٹہ ایئرپورٹ روڈ پر نیا ایل او سی ایس کیمپس اگلے سال فعال ہوجائے گا، جس کا آغاز کوئٹہ (بقیہ 30 صفحہ 3 پر)

ایم کیو ایم سمیت تمام اتحادی جماعتیں حکومت کے ساتھ ہیں، احسن اقبال

اداروں اور سیاسی قیادت کے درمیان ہم آہنگی پاکستان کی طاقت ہے، وفاقی وزیر

ہیوسٹن (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم سمیت تمام اتحادی جماعتیں حکومت کے ساتھ ہیں، پاکستان میں ہائبرڈ نظام موجود نہیں، تمام ریاستی ادارے قومی مفاد میں ایک سمت میں کام کر رہے ہیں اوورسیز پاکستانیوں سے گفتگو کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا کہ اداروں اور سیاسی قیادت کے درمیان ہم آہنگی پاکستان کی طاقت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر اختیارات نچلی سطح پر منتقل نہ کیے گئے تو مستقبل میں نئے صوبوں کے مطالبات میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ایم کیو ایم سمیت تمام اتحادی جماعتیں حکومت کے ساتھ ہیں اور حکومتی اتحاد کو کوئی خطرہ نہیں، وزیر اعظم اتحادی جماعتوں کے تحفظات فوری دور کرنے کی کوشش (بقیہ 24 صفحہ 3 پر)

ٹی ٹی ایس اساتذہ کی تنخواہوں میں 35 فیصد اضافے کی منظوری، یکم جولائی 2026 سے اطلاق ہوگا

پروفیسر، ایسوسی ایٹ پروفیسر اور اسسٹنٹ پروفیسر کی تنخواہوں کے موجودہ اسکیلز پر نظرِ ثانی کی گئی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے جامعات میں ٹینیور ٹریک سسٹم (TTS) کے تحت خدمات انجام دینے والے اساتذہ کی تنخواہوں میں 35 فیصد اضافے کی منظوری دے دی جس کا اطلاق یکم جولائی 2026 سے ہوگا۔ وزارتِ خزانہ کی جانب سے جمعے کو جاری کردہ آفس میمورنڈم کے مطابق وفاقی کابینہ نے وزیرِ اعظم کے 20 ستمبر 2021 کے فیصلے کی توثیق کرتے ہوئے ٹی ٹی ایس پے پیکیج 2026 کی منظوری دی جس کے تحت پروفیسر، (بقیہ 13 صفحہ 3 پر)

بلوچستان سے ملک کے دیگر شہروں کے لیے ٹرین سروس جمعہ کو دوسرے روز بھی معطل رہی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان سے ملک کے دیگر شہروں کے لیے ٹرین سروس جمعہ کو دوسرے روز بھی معطل رہی۔ محکمہ ریلویز نے ریلوے ٹریک پر مرمتی کاموں کے باعث بلوچستان سے ٹرین سروس دوسرے روز بھی معطل رکھنے کا فیصلہ کیا تھا۔

اسلام آباد، چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کائنات اظہر خان کیپیٹل پٹرول کے افسران سے اجلاس سے خطاب کر رہی ہیں

کشمیریوں کو ووٹ کا حق ملنا چاہیے، اختلافِ رائے غداری نہیں، سعد رفیق

سیاسی کارکن سخت حالات کا سامنا کرتے ہیں، گالی کا جواب گالی سے نہیں دیتے، گجرات میں کارکنوں سے خطاب

گجرات (این این آئی) سابق وفاقی وزیر خوجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ کشمیریوں کو ووٹ کا حق ملنا چاہیے، اختلافِ رائے غداری نہیں۔ گجرات میں کشمیر انتخابات کے حوالے سے ایل اے 38 جموں 5 کے کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے خواجہ سعد رفیق نے کہا کہ کشمیریوں سے بڑا پاکستانی کوئی نہیں، جو اپنے خون سے آزادی کے لیے قربانیاں دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کشمیریوں کے جائز مطالبات پر بات ہونی چاہیے

محسن نقوی سے بنگلہ دیشی ہم منصب کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بنگلہ دیشی (بقیہ 46 صفحہ 3 پر)

چین، 29 پلیٹ فارمز کا حامل دنیا کے سب سے بڑے ریلوے سٹیشن کی تعمیر مکمل

پلیٹ فارم رش کے اوقات میں فی گھنٹہ 16 ہزار مسافروں، چین کی طویل ترین تیز رفتار ٹرینوں کو سنبھالنے کی صلاحیت رکھتے ہیں

بیجنگ (این این آئی) چین کے جنوب مغربی شہر چونگ چنگ میں دنیا کا سب سے بڑا ریلوے اسٹیشن چونگ چنگ ایسٹ ریلوے اسٹیشن تعمیر کی تعمیر مکمل کر لی گئی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سٹیشن کا رقبہ نیویارک کے گرینڈ سینٹرل سٹیشن سے تقریباً 6 گنا اور یورپ کے سب سے بڑے ریلوے سٹیشن لیپزگ ہاپٹ بانہوف سے 15 گنا زیادہ ہے جبکہ یہ ویٹیکن سٹی سے بھی دوگنا بڑا بتایا جاتا ہے۔ چونگ چنگ ایسٹ سٹیشن میں 29 پلیٹ فارم، 15 ریلوے ٹریکس اور 8 منزلیں ہیں۔

بلوچستان سے ٹرین دوسرے روز بھی معطل رہی

پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس کی روانگی منسوخ کر دی گئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان سے ٹرین سروس دوسرے روز بھی معطل رہی جس کے سبب ملک کے دیگر شہروں کے لیے کوئی ٹرین روانہ نہیں ہوئی۔

سیکریٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان ڈیپارٹمنٹل سب کمیٹی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بچوں میں سوشل میڈیا کا غیر محفوظ استعمال سنگین مسائل اور سکیورٹی خطرات کا باعث بن گیا

ابتدائی عمر میں اسکرین کا زیادہ استعمال بچوں کی ذہنی، سماجی اور جسمانی نشوونما پر منفی اثرات مرتب کرسکتا ہے، انتباہ

نیویارک (این این آئی) بچوں کے غیر محفوظ سوشل میڈیا استعمال نے سماجی، نفسیاتی اور سکیورٹی خطرات میں اضافہ کر دیا۔ تحقیقات کے مطابق دنیا بھر میں بچوں کا سوشل میڈیا کا غیر ذمہ دارانہ استعمال کئی سماجی، نفسیاتی اور سکیورٹی خطرات کو جنم دینے لگا ہے، امریکی تحقیقاتی ادارے کے مطابق بچوں میں سوشل میڈیا کا زیادہ استعمال خراب نیند، بے چینی، ڈپریشن اور تعلیمی مشکلات میں اضافہ کا سبب ہے۔

کالعدم ایکشن کمیٹی کے مسلح جتھوں کی جانب سے سڑکوں کی بندش، عوام کو مشکلات کا سامنا

مسلح افراد نے درخت کاٹ کر اور پتھر رکھ کر مختلف سڑکیں بند کر رکھی ہیں، رپورٹ جاری

راولاکوٹ (این این آئی) ترجمان انتظامیہ پونچھ ڈویژن راولاکوٹ کے مطابق، کالعدم ایکشن کمیٹی کے مسلح افراد نے راولاکوٹ اور گردونواح کے بازاروں کی سڑکوں پر ناکے لگا کر اشیائے خوردونوش کی ترسیل متاثر کر رکھی ہے۔ انتظامیہ نے کہا کہ مسلح افراد نے درخت کاٹ کر اور پتھر رکھ کر مختلف سڑکیں بند کر رکھی ہیں، جس کے باعث ڈرائیور اشیائے خوردونوش لانے سے گریز کر رہے ہیں۔

بے یقینی اور بدامنی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

ملک کو درپیش سنگین امن و امان کے بحران کا مستقل اور پائیدار حل اس وقت تک ممکن نہیں جب تک عوام کی حقیقی نمائندہ اور عوامی قوت رکھنے والی سیاسی جماعتوں کو اعتماد میں لے کر قومی اتفاقِ رائے پیدا نہیں کیا جاتا، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، ضلعی سرپرستِ اعلیٰ مفتی محمد روزی خان، مولانا حفیظ اللہ، مولانا محمد سلیمان، حافظ دوست محمد مدنی، مولانا عبدالبصیر، حافظ رشید احمد، حاجی محمد شاہ لالا، مفتی نیک محمد فاروقی، حاجی نعمت اللہ خان اچکزئی اور دیگر رہنماؤں نے اپنے مشترکہ اخباری بیان میں کہا ہے کہ دنیا بھر میں امن، استحکام اور مذاکرات کی باتیں کرنے والے حکمران بدحستی سے اپنے ہی ملک میں بڑھتی ہوئی بدامنی، دہشت گردی، ٹارگٹ کلنگ، اغوا برائے تاوان اور عوام کے جان و مال کے تحفظ میں بری طرح ناکام ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو درپیش سنگین امن و امان کے بحران کا مستقل اور پائیدار حل اس وقت تک ممکن نہیں جب تک عوام کی حقیقی نمائندہ اور عوامی قوت رکھنے والی سیاسی جماعتوں کو اعتماد میں (بقیہ 41 صفحہ 3 پر)

ایران میں دھماکے، امریکی فوج کی کسی بھی کارروائی میں ملوث ہونے کی تردید

شہر میں سنا جانے والا دھماکا فضائی دفاعی نظام کی کارروائی کے باعث ہوا، ایرانی حکام

تہران/ واشنگٹن (این این آئی) ایران کے جنوبی علاقوں میں متعدد دھماکوں کی آوازیں سنی گئیں، تاہم امریکا نے ایران پر ہونے والے حملوں میں ملوث ہونے کی سختی سے تردید کی ہے۔

کوہلو، اے سی ماوند سمیع الحق نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر دفتری امور کی انجام دہی شروع کر دی ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سانحہ ہنہ اوڑک کے لواحقین و مظاہرین سے بات چیت کر رہے ہیں

قائمہ کمیٹی وفد اسلام آباد سے نکل کر خود کوئٹہ جائے، زمینی حقائق کا جائزہ لے، نبیل گبول

قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کے اراکین کا بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال پر اظہارِ تشویش

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کے اراکین نے بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال پر اظہارِ تشویش کیا ہے جبکہ نبیل گبول نے کہا ہے کہ کمیٹی کا وفد اسلام آباد سے نکل کر خود کوئٹہ جائے اور زمینی حقائق کا جائزہ لے۔ جمعہ کو خرم نواز کی زیرِ صدارت قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کا اجلاس ہوا، جس میں گفتگو کرتے ہوئے نبیل گبول کا کہنا تھا کہ کمیٹی کا وفد اسلام آباد سے نکل کر خود کوئٹہ جائے اور زمینی حقائق کا جائزہ لے

ملک میں تربیلا و منگلا کے بعد ایک بھی بڑا ڈیم نہیں بنایا گیا، بھارت نے 5 ہزار ڈیم بنائے، چیئرمین واپڈا

پاکستان کو پانی کی سکیورٹی کیلئے سنجیدہ کوششوں کی ضرورت ہے، چیئرمین واپڈا محمد سعید کی قائمہ کمیٹی کو بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) واٹر اینڈ پاور ڈیولپمنٹ اتھارٹی (واپڈا) کے چیئرمین محمد سعید نے کہا ہے کہ پاکستان کو پانی کی سکیورٹی کیلئے سنجیدہ کوششوں کی ضرورت ہے، ملک میں تربیلا اور منگلا کے بعد ایک بھی ڈیم نہیں بنایا گیا جبکہ بھارت نے پانچ ہزار ڈیم بنائے۔ جمعہ کو سینیٹ کی قائمہ کمیٹی آبی وسائل کا اجلاس سینیٹر جام سیف اللہ خان کی زیرِ صدارت پارلیمنٹ ہاؤس میں ہوا۔ کمیٹی کو بتایا گیا کہ خیبر پختونخوا نے تجاوزات کے 227 مقامات کی نشاندہی کی ہے (بقیہ 17 صفحہ 3 پر)

ایشیائی ترقیاتی بینک اسلام آباد ایئرپورٹ کی نجکاری کیلئے مالیاتی مشیر مقرر

بینک کے ساتھ ٹرانزیکشن ایڈوائزری سروسز ایگریمنٹ پر دستخط کی منظوری دے دی گئی

اسلام آباد (این این آئی) نجکاری کمیشن بورڈ نے ایشیائی ترقیاتی بینک کو اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے آپریشنز کی آؤٹ سورسنگ کیلئے مالیاتی مشیر مقرر کر دیا، اس حوالے سے ٹرانزیکشن ایڈوائزری سروسز ایگریمنٹ پر دستخط کی منظوری دے دی گئی ہے۔ نجکاری کمیشن بورڈ کے مطابق جمعہ کو وزیراعظم کے مشیر برائے نج کاری اور نج کاری کمیشن کے چیئرمین محمد علی کی زیرِ صدارت اجلاس منعقد ہوا، جس میں پی سی بورڈ نے ایڈوائزری معاہدے کی شرائط کا جائزہ لیا۔

پاکستان میں غیر قانونی مقیم افغان شہریوں کیلئے دی گئی ڈیڈ لائن ختم، فوری گرفتار کیا جائیگا

کارآمد ویزے کے بغیر مقیم کسی بھی افغان شہری کو فوری گرفتار کیا جائیگا، حکام

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں غیر قانونی مقیم افغان شہریوں کے لیے دی گئی ڈیڈ لائن ختم ہوگئی۔ وفاقی حکومت نے 10 جولائی کی ڈیڈ لائن ختم ہونے کے بعد افغان کی ڈی پورٹیشن میں مزید تیزی لانے کا فیصلہ کیا ہے اور بغیر کارآمد ویزے کے مقیم کسی بھی افغان شہری کو فوری گرفتار کیا جائے گا جبکہ روزانہ کی بنیاد پر سے وفاقی وزارت داخلہ کو رپورٹ بھیجی جائے گی۔ رپورٹ میں بغیر ویزے پکڑے گئے افغان شہریوں کی تعداد جمع کی جائے گی

صحت سہولت پروگرام کے تحت ملک بھر میں 9,502 بیڈز اور 44 ہسپتالوں کا اضافہ کیا گیا ہے، سید مصطفیٰ کمال

بنیادی مراکز صحت بیماریوں کے علاج، زچگی اور بنیادی طبی خدمات کی فراہمی میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں، وزیر صحت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر قومی صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ بنیادی مراکز صحت معمولی بیماریوں کے علاج، زچگی اور بنیادی طبی خدمات کی فراہمی میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں، اب تک ساڑھے 14 ہزار سے زائد افراد ٹیلی میڈیسن سینٹرز کے ذریعے طبی مشاورت اور علاج کی سہولت حاصل کر چکے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بنیادی مرکز صحت پھلگراں کو ڈیجیٹلائزڈ ہیلتھ سینٹر میں تبدیل کرنے کے منصوبے کے افتتاح کے موقع پر کیا۔ وفاقی وزارت قومی صحت کے تحت ہیلتھ کیئر ڈیجیٹلائزیشن پروگرام کے سلسلے میں اسلام آباد کے بنیادی مرکز صحت پھلگراں کو جدید ڈیجیٹلائزڈ ہیلتھ سینٹر میں تبدیل کر دیا گیا۔ وفاقی وزیر قومی صحت مصطفیٰ کمال نے (بقیہ 40 صفحہ 3 پر)

چھتر کے علاقے میں دھماکے سے زرعی ٹیوب ویل کو نقصان

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب چھتر کے علاقے میں دو زوردار دھماکے زرعی ٹیوب ویل کو جزوی نقصان پہنچا پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب پولیس تھانہ نوتال کی حدود چھتر کے علاقے اولہ میں نامعلوم مسلح افراد نے زرعی ٹیوب ویل کو دھماکہ خیز مواد سے اڑانے کی کوشش دو زوردار دھماکے ہوئے جس سے پورا علاقہ گونج اٹھا (بقیہ 27 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، غیر ملکی خاتون پر خواتین پولیس اہلکاروں کا مبینہ تشدد، ویڈیو وائرل

ایس ایس پی آپریشنز کا واقعے کا نوٹس، معاملے کی انکوائری کی ہدایت کردی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں چین سے تعلق رکھنے والی خاتون نے خواتین پولیس اہلکاروں مبینہ تشدد کا الزام عائد کر دیا، چینی خاتون کی چیخ و پکار اور پولیس کی جانب سے تشدد کے الزامات کی ویڈیو بھی سامنے آ گئی۔ خاتون نے الزام عائد کیا کہ خواتین پولیس اہلکاروں نے تھانہ کو ہسار میں تشدد کا نشانہ بنایا جبکہ ذرائع نے بتایا کہ غیر ملکی خاتون نے لین دین کے معاملے پر پولیس کو خود سیکٹر ایف 6 بلایا تھا۔ ذرائع نے بتایا کہ پولیس نے چینی لڑکی کو دادرسی کی بجائے تشدد کا نشانہ بنا ڈالا۔

سابق ڈسٹرکٹ اٹارنی بلال احمد ایڈووکیٹ پر قاتلانہ حملہ، بلال احمد معجزانہ طور پر محفوظ رہے

مستونگ (این این آئی) سابق ڈسٹرکٹ اٹارنی بلال احمد ایڈووکیٹ پر قاتلانہ حملہ، بلال احمد معجزانہ طور پر محفوظ رہے۔ تفصیلات کے مطابق بابو محلہ کے قریب نامعلوم مسلح (بقیہ 26 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ کے نواحی علاقے ہنہ اوڑک میں 5 جولائی کو دہشت گرد حملے میں جاں بحق 5 افراد کی نماز جنازہ جمعہ کو ادا کردی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے نواحی علاقے ہنہ اوڑک میں 5 جولائی کو دہشت گرد حملے میں جاں بحق 5 افراد کی نماز جنازہ جمعہ کو ادا کر دی گئی۔ ہنہ اوڑک واقعہ میں تمام جاں بحق افراد کی نماز جنازہ ہنہ اوڑک میں کی گئی، نماز جنازہ میں جاں بحق افراد کے لواحقین اور (بقیہ 28 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد ہائیکورٹ کی انتظامی کمیٹی میں اہم تبدیلی کر دی گئی

چیف جسٹس سردار سرفراز ڈوگر انتظامی کمیٹی کے سربراہ ہوں گے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ کی انتظامی کمیٹی میں اہم تبدیلی کر دی گئی جس کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا۔ چیف جسٹس سردار سرفراز ڈوگر انتظامی کمیٹی کے سربراہ ہوں گے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق جسٹس ارباب محمد طاہر اب انتظامی کمیٹی کا حصہ نہیں رہے، جسٹس ارباب محمد طاہر کی جگہ جسٹس انعام امین منہاس کمیٹی کا حصہ ہوں گے۔ جسٹس محمد آصف اور جسٹس اعظم خان پہلے ہی کمیٹی کے ممبر ہیں۔

نصیر آباد، ڈپٹی کمشنر استاد محمد رمضان پلال مون سون سیزن کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ملک میں چھاتی کے سرطان کی بروقت تشخیص اور علاج کا نظام ناکام ہو چکا

چھاتی کے سرطان میں تاخیر ہزاروں خواتین کیلئے سزائے موت کے مترادف ہے، پی ایم اے کا اعلامیہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن (پی ایم اے) نے ملک میں چھاتی کے سرطان کے علاج میں تاخیر پر عالمی ادارہ صحت کی رپورٹ پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پی ایم اے نے کہا کہ چھاتی کے سرطان کے علاج میں 111 روز کی تاخیر سے کینسر پھیلنے کا خطرہ کئی گنا بڑھ جاتا ہے

عوامی دباؤ پر خیبر پختونخوا حکومت کا مراعاتی بل کی متنازع شقیں واپس لینے کا فیصلہ

متنازع نکات کو ختم کرکے قانون کو 1988 کے ایکٹ کے مطابق بحال اور درست کیا جائے گا، مشیر اطلاعات

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا حکومت نے اراکین اسمبلی کی مراعات سے متعلق ایکٹ کی تمام قابل اعتراض شقیں واپس لینے کا فیصلہ کر لیا۔ مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا شفیع جان کے مطابق وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کی زیرِ صدارت جمعے کو صوبائی کابینہ کے اراکین کا اجلاس منعقد ہوا جس میں اسپیکر صوبائی اسمبلی بابر سلیم سواتی نے بھی ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔

گلگت بلتستان کی تعمیر و ترقی کیلیے وزیراعظم نے کمیٹی تشکیل دے دی

اسحاق ڈار کی سربراہی میں بننے والی کمیٹی میں امیر مقام اور مشیر وزیراعظم رانا ثنا اللہ شامل ہوں گے

گلگت (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان کی تعمیر و ترقی وفاقی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے جبکہ انہوں نے ن لیگ کے اراکین اسمبلی کی تجاویز پر کمیٹی بھی تشکیل دے دی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان مسلم لیگ (ن) سے تعلق رکھنے والے (بقیہ 45 صفحہ 3 پر)

پاک امریکا باہمی تجارتی معاہدے پر واشنگٹن میں مذاکرات، تجارت اور ٹیرف سے متعلق امور پر گفتگو

واشنگٹن (این این آئی) پاکستان اور امریکا کے درمیان باہمی تجارتی معاہدے پر مذاکرات کا واشنگٹن میں ہوئے جس دوران تجارت اور ٹیرف سے متعلق امور پر تفصیلی بات چیت ہوئی۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستانی وفد کی قیادت سیکرٹری تجارت جواد پال کر رہے تھے ہیں۔

آبادی سے متعلق چیلنجز سے نمٹنے کے لیے حکومت اور معاشرے کے تمام طبقات کی مشترکہ کاوشیں ناگزیر ہیں، وزیراعظم

وسائل سے متناسب آبادی سہولیات کی منصفانہ تقسیم اور خوشحال عوام کی ضمانت ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ آبادی سے متعلق چیلنجز سے نمٹنے کے لیے حکومت اور معاشرے کے تمام طبقات کی مشترکہ کاوشیں ناگزیر ہیں، وسائل سے متناسب آبادی سہولیات کی منصفانہ تقسیم اور خوشحال عوام کی ضمانت ہے، نوجوان آبادی کی استعداد سے بھرپور استفادہ اور مثبت ثمرات کیلئے دستیاب ملکی وسائل میں مسلسل سرمایہ کاری اور جامع حکمتِ عملی ناگزیر ہے۔

بھارت اور اسرائیل پاکستان میں دہشت گردی کے واقعات میں ملوث ہیں، رانا ثنا اللہ

کالعدم بی ایل اے، فتنہ الخوارج کے گٹھ جوڑ کو روکنے کیلئے جو ہوسکا کریں گے، مشیر وزیراعظم کی نجی ٹی وی سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) مشیر وزیراعظم رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ بھارت اور اسرائیل پاکستان میں دہشت گردی کے واقعات میں ملوث ہیں کالعدم بی ایل اے، فتنہ الخوارج کے گٹھ جوڑ کو روکنے کیلئے جو ہوسکا کریں گے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے رانا ثناء اللہ نے کہا کہ دہشتگرد جس ٹیکنالوجی کا استعمال کر رہے ہیں یہ تو ان کے بس کی بات نہیں تھی، اس جنگ میں اسرائیل کے ملوث ہونے کی بات کافی حد تک سچ ہے، دہشتگردوں کو پیسے، ہتھیار زیادہ مل رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا دشمن ہم پر ایک جنگ مسلط کرتا ہے تو پھر ہم اس کو لڑیں گے، یہ امن و امان کی صورتحال نہیں ایک جنگ ہے۔ انہوں نے کہا کہ جعفر ایکسپریس میں لوگوں کو شہید کرنے والوں کے بھارت سے رابطے تھے، لیٹی رہنماء نے کہا (بقیہ 39 صفحہ 3 پر)

رواں ہفتے پیٹرول، ڈیزل، ایل پی جی اور چینی کی قیمتوں میں کمی ہوئی، ادارہ شماریات

ایک ہفتے میں 22 اشیائے ضروریہ مہنگی ہوئیں، 8 اشیا سستی اور 21 کی قیمتیں مستحکم رہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی ادارہ شماریات نے مہنگائی سے متعلق ہفتہ وار رپورٹ جاری کردی جس کے مطابق رواں ہفتے پیٹرول، ڈیزل، ایل پی جی اور چینی کی قیمتوں میں کمی ہوا، ایک ہفتے میں 22 اشیائے ضروریہ مہنگی ہوئیں، 8 اشیا سستی اور 21 کی قیمتیں مستحکم رہیں۔ اعداد و شمار کے مطابق حالیہ ہفتے آلو 3.94 اور چکن 3.70 فیصد مہنگا ہوا جبکہ پیاز 3.54 اور آٹے کی قیمت میں 1.61 فیصد اضافہ ہوا۔

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کو وائس چانسلر یونیورسٹی آف لورلائی ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

صدر آصف علی زرداری کا آپریشن شعبان کی کامیابی پر پاک فوج، ایف سی اور بلوچستان پولیس کو خراج تحسین

ہم پاکستان کی حالیہ کامیابیوں کو منطقی نتیجہ پر پہنچائیں گے اور دہشت گردی کو بھی عوام کی مدد سے شکست دیں گے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے بلوچستان میں فتنہ الخوارج کے خلاف آپریشن شعبان کی کامیابی پر پاک فوج، ایف سی اور بلوچستان پولیس کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم پاکستان کی حالیہ کامیابیوں کو منطقی نتیجہ پر پہنچائیں گے اور دہشت گردی کو بھی عوام کی مدد سے شکست دیں گے۔ ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے کہا ہے کہ آپریشن شعبان نے ایک بار پھر (بقیہ 20 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد؛ غیر ملکی خاتون پر خواتین پولیس اہلکاروں کا مبینہ تشدد، ویڈیو بھی سامنے آ گئی

ایس ایس پی آپریشنز نے واقعے کا نوٹس لیا اور معاملے کی انکوائری کی ہدایت کی ہے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں چین سے تعلق رکھنے والی خاتون نے خواتین پولیس اہلکاروں مبینہ تشدد کا الزام عائد کیا ہے، چینی خاتون کی چیخ و پکار اور پولیس کی جانب سے تشدد کے الزامات کی ویڈیو بھی سامنے آ گئی۔ خاتون نے الزام عائد کیا کہ خواتین پولیس اہلکاروں نے تھانہ کو ہسار میں تشدد کا نشانہ بنایا جبکہ ذرائع نے بتایا کہ غیر ملکی خاتون نے لین دین کے معاملے پر پولیس کو خود سیکٹر ایف 6- بلایا تھا۔

طالبان رجیم میں بڑھتی دہشت گردی اور انتہا پسندی ایک بار پھر عالمی سطح پر بے نقاب

دہشت گردوں کی سرپرستی کرنے والی افغان طالبان رجیم پر پوری دنیا پاکستان کے مؤقف کی تائید کر رہی ہے، امریکی ادارہ

کابل (این این آئی) افغانستان میں طالبان رجیم میں پنپتی دہشت گردی اور انتہا پسندی ایک بار پھر عالمی سطح پر بے نقاب ہو رہی ہے۔ میڈیا رپورٹ کیمطابق قابض طالبان رجیم نے اپنے اقتدار کو طول دینے کے لیے افغانستان کو دہشتگردی اور انتہا پسندی کی آگ میں جھونک دیا ہے، طالبان رجیم کے زیر سرپرستی دہشتگردی اور انتہا پسندی سے پڑوسی ممالک سمیت خطے بھر کو سکیورٹی چیلنجز کا سامنا ہے۔

3 بجلی تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری کا عمل شروع کردیا، اویس لغاری

اویس لغاری سے گورنر خیبر پختونخوا کی ملاقات، پاور سیکٹر اصلاحات، توانائی شعبے کی بہتری اور مجموعی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وزیر توانائی اویس لغاری نے کہا ہے کہ حکومت مسابقتی بجلی مارکیٹ کے قیام کی جانب تیزی سے پیشرفت کر رہی ہے، نجکاری پروگرام کے پہلے مرحلے میں 3 بجلی تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری کا عمل شروع کر دیا ہے، دیگر کمپنیوں کو بھی مرحلہ وار نجکاری پروگرام میں شامل کیا جائے گا۔ اویس لغاری سے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے ملاقات کی، ملاقات میں پاور سیکٹر اصلاحات، توانائی شعبے کی بہتری اور مجموعی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر توانائی نے کہا کہ گزشتہ 2 برسوں میں بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی کارکردگی میں نمایاں بہتری آئی، لائن لاسز، مالی خسارے اور گردشی قرضے میں خاطر خواہ کمی آئی، پاور سیکٹر کی اصلاحات کے مثبت نتائج سامنے آ رہے ہیں۔

وفاقی وزیر منصوبہ بندی کی صدارت ایمرجنسی رسپانس کمیٹی کا اجلاس

مون سون کے حوالے سے مربوط قومی حکمت عملی پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایات پر قائم کردہ ایمرجنسی رسپانس کمیٹی کا دوسرا اہم اجلاس این ڈی ایم اے ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں منعقد ہوا جس میں مون سون 2026 کے دوران جان و مال اور قومی (بقیہ 23 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ میں ائرپورٹ روڈ پر ہنہ اوڑک میں دہشت گردی کے واقعہ کیخلاف جاری دھرنا ختم ہوگیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں ائرپورٹ روڈ پر ہنہ اوڑک میں دہشت گردی کے واقعہ کیخلاف جاری دھرنا ختم ہوگیا تاہم شہر میں کوئلہ پھاٹک کے قریب زیارت میں دہشت (بقیہ 24 صفحہ 3 پر)

این ڈی ایم اے نے ملک کے شمالی علاقوں میں شدید موسمی صورتحال، لینڈ سلائیڈنگ اور اچانک سیلاب کا ہائی الرٹ جاری کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) نے ملک کے شمالی علاقوں میں شدید موسمی صورتحال، لینڈ سلائیڈنگ اور اچانک سیلاب (فلیش فلڈ) کا ہائی الرٹ جاری کر دیا ہے اور سیاحوں کو غیر ضروری پہاڑی سفر سے مکمل گریز کرنے کی تاکید کی گئی ہے۔

کشیدہ صورتحال، آزاد کشمیر حکومت نے وفاق سے 4 ہزار ایف سی اہلکار، رینجرز کے 7 ونگ مانگ لئے

مظفر آباد (این این آئی) آزاد کشمیر حکومت نے وفاق سے اضاف